وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا

اہل السُنّۃ والجماعۃ

تحریر خلدونِ عصر

حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ

مجلسِ نشریاتِ اسلام

۱۔ کے ۔ ۳ ناظم آباد مینشن ناظم آباد ۱، کراچی ۱۸

وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا

اہل السنۃ والجماعۃ

(اصطلاح کی لغوی و معنوی تشریح، اس کا تاریخی تعین، مذہب
کے اُصولِ اوّلین کی تحقیق اور معقول و منقول کا اصولِ تطبیق پر توضیح)

تحریر: خلدونِ عصر

حضرت علّامہ سیّد سُلیمان ندوی
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

سنہ ۱۳۹۳ھ

مجلس نشریات اسلام
۱-کے-۳- ناظم آباد، کراچی ۱۸

پاکستان میں بجز حقوق طباعت و اشاعت
بحق فضل ربی ندوی محفوظ ہیں
باجازت خصوصی علامہ مرحوم کے صاحبزادے ڈاکٹر سید سلمان ندوی صاحب

نام کتاب ——— اہل سنت والجماعت
تصنیف ——— علامہ سید سلیمان ندوی
طباعت ——— تشکیل پرنٹنگ پریس کراچی
اشاعت ——— ستمبر ۱۹۸۵ء
ضخامت ——— ۱۰۰ صفحات
قیمت
[illegible]

ناشر
فضل ربی ندوی
مجلس نشریات اسلام ۱-کے-۳ ناظم آباد مینشن ناظم آباد کراچی ۱۸

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ
دیباچہ	۷
ایک سوال	۸
تمہید	۹
سنت و جماعت	۹
بدعت	۱۰
صلاح کے بعد فساد کیسے ہوتا ہے؟	۱۳
جماعت کا فلسفہ	۱۵
اسلام میں جماعت شکنی	۱۹
اختلاف صحابہ اور مختلف فرقوں کی پیدائش	۲۳
اہل السنۃ حق کا طرفدار گروہ	۲۴
اہل سنت کلام میں	۲۸
عرب اور عجم کے خصائص ذہنی	۲۸
کوفہ اور بصرہ کے شہر کیوں اختلافات کا مرکز بنے؟	۲۹

عنوان	صفحہ
مشاجرات صحابہ کے بعد اختلاف افکار	۳۰
اہل السنۃ کا فیصلہ	۳۰
فرقوں کی اصلی تقسیم	۳۳
بنو امیہ کے دور میں مذہبی فرقوں کا ظہور	۳۳
فرقوں کا انتشار	۳۵
ضلالت کے طبعی اسباب	۳۹
خیال آرائی	۳۹
عقائد میں وسعت طلبی	۴۰
تاویل متشابہات	۴۱
اشاعرہ، حنابلہ اور ماتریدیہ	۵۴
قدماء کے نزدیک اہل سنت کے معنی	۵۸
مسئلہ تقدیر یا جبر و قدر	۶۰
صفات	۶۱
قرآن	۶۲
استواء	۶۳

عنوان	صفحہ
بعض شبہات کا ازالہ	۷۶
اہل السنت کے عقائد صحیحہ	۸۰
عقائد کی افادیت	۸۰
اہل سنت کے عقائد	۸۱
ضمیمہ	۹۶
تشریح اصطلاحات	۹۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

یہ رسالہ ایک مسلسل مضمون کی شکل میں پہلے معارف میں شائع ہوا تھا، بعد کو ۱۹۲۲ء میں یا اس کے پس و پیش احباب کے اصرار سے الگ رسالہ کی صورت میں چھپا اور مقبول ہوا، مدت سے یہ ناپید تھا، اور احباب کا تقاضا تھا کہ یہ دوبارہ چھپے، مگر چونکہ وہ عہد شباب کا لکھا ہوا تھا اس میں قلم کی تیزی، اور کہیں لہجہ کی شدت، اور کہیں عبارت میں توعّر تھی اس لئے جی چاہتا تھا کہ اس پر نظر ثانی کی جائے، بحمد اللہ کہ یہ فرصت کراچی میں ملی اور پچھلی تحریر میں حک و اصلاح کی گئی، اور آخر میں عقائد کی احادیث اور عقائد کی تفصیل کا اضافہ کیا گیا، تاکہ عام مسلمان اہل سنت کے صحیح عقائد سے واقف ہوں،

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے مسلمانوں کو مستفید فرمائیں،

آمین

والسلام

سید سلیمان ندوی

دار الحکومت کراچی

۲ شوال سنہ ۱۳۷۱ھ

ایک سوال

قوموں، ملکوں اور ممتاز افراد انسانی کی تاریخ بڑی دلچسپ ہے پڑھی جاتی ہے اور صاف نظر آتا ہے کہ وہ کیا تھے اور کیا ہو گئے لیکن کبھی اس پر بھی تم نے غور کیا کہ الفاظ کی بھی کوئی تاریخ ہو سکتی ہے "کیا قوموں، ملکوں اور انسانوں کی طرح ان میں بھی انقلابات کا وجود ہے جس سے دنیا کا ایک ذرہ بھی مستثنیٰ نہیں؟"

(حضرت علامہ ندویؒ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ
الْمُرْسَلِیْنَ وَآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؛

تمہید: مسلمانوں میں ہر دور میں سیکڑوں فرقے پیدا ہوئے ، لیکن وہ نقش برآب تھے، ابھرے اور مٹ گئے، لیکن جو فرقہ عموم اور کثرت کے ساتھ باقی ہے، اور آج مسلمان آبادی کا اکثر حصہ بن کر اکناف عالم میں پھیلا ہے وہ فرقہ "اہل سنت والجماعۃ" ہے۔ عام طور سے اہل سنت کے معنی ہندوستان میں یہ سمجھے جاتے ہیں کہ جو شیعہ نہ ہو، لیکن یہ اس کا اثباتی پہلو نہیں ہے یہ تو سلبی پہلو ہے۔ ضرورت ہے کہ اس کی حقیقت کو پوری طرح سمجھا جائے۔ اس لیے ہم کو "اہل السنۃ والجماعۃ" کے ایک ایک لفظ کے معنی پر غور کرنا چاہیے۔

سنت وجماعت: "اہل سنت والجماعۃ" تین لفظوں سے مرکب ہے، اہل کے معنی اشخاص، متعلقین، اتباع اور پیرو کے ہیں، "سنت" عربی میں راستہ کو کہتے ہیں اور مجازاً اصول مقررہ، روش، زندگی اور طرز عمل کے معنی میں یہ لفظ آتا ہے، جیسا کہ قرآن مجید میں یہ لفظ متعدد دفعہ انہیں معنوں میں آیا ہے، فرمایا ہے۔

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۔ اللہ کی سنت میں تم تبدیلی

نہ پاؤ گے ۔

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيلًا ۔ اللہ کی سنت میں تم تبدیلی نہ پاؤ گے

سُنَّةَ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ، ان کا راستہ جو پہلے گزرے ۔

اسی طرح احادیث میں سنت کا جو لفظ آتا ہے، اس کے معنی حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصولِ مقررہ اور طرزِ عمل کے ہیں۔ اس لیے اصطلاحِ دین میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرزِ زندگی اور طریقِ عمل کو "سنت" کہتے ہیں۔ جماعت کے لغوی معنی تو گروہ کے ہیں لیکن یہاں جماعت سے مراد جماعتِ صحابہؓ ہے۔ اس لفظی تحقیق سے "اہل سنت والجماعت" کی حقیقت بھی واضح ہوتی ہے، یعنی یہ کہ اس فرقہ کا اطلاق اُن اشخاص پر ہوتا ہے جن کے اعتقادات، اعمال اور مسائل کا محور پیغمبر علیہ السلام کی سنتِ صحیحہ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا اثر مبارک ہے۔ یا یوں کہیے کہ جنہوں نے اپنے عقائد اور اصولِ حیات اور عبادات و اخلاق میں اس راہ کو پسند کیا جس پر رسولِ مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام عمر بھر چلتے رہے، اور آپ کے بعد آپ کے صحابہؓ جس پر چل کر منزلِ مقصود کو پہنچے۔

بدعت : "سنت" کا مقابل لفظ "بدعت" ہے۔ بدعت کے لغوی معنی "نئی بات" کے ہیں۔ اصطلاحِ شریعت میں اس کے یہ معنی ہیں کہ مذہب کے عقائد یا اعمال میں کوئی ایسی بات داخل ہو جس کی تلقین صاحبِ مذہب

نے نہ تو نازل ہوا اور نہ ان کے کسی حکم یا عمل سے اس کا منشا ظاہر ہوتا ہو اور نہ اس کی نظیر اس میں ملتی ہو، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ نے ان دو لفظوں کو انہیں معنوں میں استعمال فرمایا ہے، اور کہیں سنت کے بجائے "ہدی" اور بدعت کے بجائے "محدثہ" فرمایا ہے لغت میں بھی یہ الفاظ مترادف ہیں، ہدی طریقہ کو کہتے ہیں، اور محدثہ کے معنی نیا۔

صحیح مسلم میں آپ کا وہ خطبہ مذکور ہے جس کو دیتے ہوئے آپ کی آنکھیں سرخ ہو جاتی تھیں، آواز بلند ہو جاتی تھی، اور لہجہ غضبناک ہو جاتا تھا۔

أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيثِ كِتَابُ	بعد اس کے بہترین کلام خدا کا کلام ہے
اللهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ	بہترین طریقہ محمد کا طریقہ ہے۔ بدترین امور
وَشَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ	نئی باتیں ہیں، اور ہر نئی بات گمراہی ہے۔

مسند احمد، ابو داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ میں ہے۔

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ	میرا طریقہ اور میرے ہدایت یافتہ خلیفوں
الرَّاشِدِينَ تَمَسَّكُوا بِهَا وَعَضُّوا	کا طریقہ اختیار کرو، اس کو اچھی طرح
عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ	پکڑے رہو، اور اس کو دانت سے لئے
الْأُمُورِ فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ	رہو، نئی باتوں سے بچنا، ہر نئی
وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ	بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

ابو داؤد، ترمذی، اور ابن ماجہ میں ہے۔

ایاکم والمحدثات فان کل محدثة ضلالة — نئی باتوں سے بچنا ہر نئی بات گمراہی ہے۔

اس قسم کی روایتیں حدیث کی کتابوں میں کثرت سے ہیں ان روایات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "نئی بات" کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ اس کی تفصیل دوسرے موقعوں پر آ گئی ہے۔ بخاری اور مسلم دونوں میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے۔

من احدث فی امرنا هذا ما لیس منه فهو رد — ہمارے اس مذہب یا تعلیم میں جو کوئی نئی بات داخل کرے گا جو اس میں نہیں تو وہ بات مردود ہے۔

صحیح مسلم میں ہے۔

من عمل عملا لیس علیه امرنا فهو رد — جو کوئی ایسا کام کرے گا جس پر ہمارا مذہب نہیں وہ رد ہے۔

ابو داؤد میں یہ لفظ ہے۔

من صنع امرا علی غیر امرنا فهو رد — جس نے ہمارے طریقہ کے خلاف کوئی کام کیا وہ رد ہے۔

ان احادیث سے یہ واضح ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو تعلیم دینا چاہتے تھے جس طرح کی تفصیل سے اپنی امت کو دینی مذہب

کا جو طریقہ عمل آپ نے متعین فرمایا اس میں باہر سے اضافہ بدعت ہے۔ اس سے بدعت کی حقیقت ظاہر ہوئی اور وہ یہ ہے کہ بدعت دین حق کے اندر کسی ایسی چیز کا باہر سے اضافہ ہے جو رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے اور بتائے ہوئے دین میں نہیں، نہ اس کی اصل موجود ہے اور نہ اس کی نظیر موجود ہے، اور نہ وہ قرآن و حدیث سے مستنبط ہے۔ اور چونکہ دین کے ہر کام میں اجر و ثواب کا وعدہ ہے اس لیے جب کسی چیز کو دین یا داخل دین سمجھا جائے گا تو اس پر ثواب بھی مرتب سمجھنا ضروری ہے۔ اس لیے اگر کوئی چیز بدعت ہو تو یقیناً وہ ثواب سے خالی ہوگی، بلکہ بوجہ اس کے مردود ہونے اور ضلالت ہونے کے اس کے کرنے سے ثواب کے بجائے گناہ ہی ہوگا۔ اب غور کیجئے کہ مسلمانوں کے عقیدوں میں، اعمال میں، عبادات میں اور غمی و شادی و تقریبات میں جو مراسم ثواب سمجھ کر ادا کیے جاتے ہیں وہ کہاں تک موجب ثواب ہو سکتے ہیں۔

اس تشریح سے ظاہر ہوا کہ کسی امر کے بدعت قرار پانے کیلئے ضروری ہے کہ وہ اضافہ امور دینیہ میں ہو۔ اگر وہ امور دینی سے نہیں ہے تو مذہبی حیثیت سے اس کو بدعت نہیں کہیں گے۔ مثلاً کسی نئی طرز کی کوئی عمارت بنائے، کوئی نئی مشین بنائے، کوئی نیا آلہ ایجاد کرے، یا کسی غذا کی نئی تحقیق کرے، کوئی نیا طریقہ علاج ایجاد کرے۔ وغیرہ

بدعت کی پہچان یہ ہے کہ اس کا کرنے والا اپنے اس کام میں ثواب کا اعتقاد کرتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ کسی کام میں ثواب یا عذاب کا ہونا عقل سے دریافت نہیں ہو سکتا۔ اس کی دریافت کی راہ صرف ایک ہے۔ اور وہ وحی نبوی ہے۔

صلاح کے بعد فساد کیسے ہوتا ہے! کسی قوم میں صلاح کے ظہور کے بعد فساد کار کیوں کر راہ پاتا ہے۔ شارع اسلام علیہ الوف التحیۃ والسلام اس سے بے خبر نہ تھے فرمایا۔

ما من نبی بعثہ اللہ الا کان لہ من	خدا نے کسی پیغمبر کو مبعوث نہیں فرمایا مگر
امتہ حواریون، واصحاب یاخذون	اس کے چند خاص اتباع و مددگار بنائے جو
بسنتہ، ویقتدون بامرہ، ثم انہا	اس کی سنت کو اختیار کرتے ہیں اور اس کے
تخلف من بعدھم خلوف، یقولون	مذہب کی اقتدا کرتے ہیں پھر ان کے بعد ایسے ناخلف
ما لا یفعلون، ویفعلون ما لا یؤمرون	آ جاتے ہیں جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں اور کرتے ہیں
فمن جاھدھم بیدہ فھو مومن و	وہ جس کا انہیں حکم نہیں دیا گیا جو ان سے ہاتھ
من جاھدھم بقلبہ فھو مومن و	سے جہاد کرے وہ مومن ہے جو زبان سے
لیس وراء ذلک من الایمان حبۃ	جہاد کرے وہ مومن ہے اور جو دل سے جہاد
خردل (مسلم :	کرے وہ مومن ہے اس کے بعد رائی برابر
	ایمان نہیں۔ (مسلم)

اس سے ظاہر ہوا کہ نبی اپنے معجزات اور فیض تعلیم سے ایسے

صحبت یافتوں کی ایک جماعت چھوڑ جاتا ہے، جو اپنے نبی کے طور و طریق اور سنت سنیہ کی پورے طور پر متبع ہوتی ہے۔ اور ان کے بعد رفتہ رفتہ ایسے افراد ان کی جگہ لیتے ہیں جو اپنے نبی کی سنت اور طور و طریق سے دور ہوتے جاتے ہیں، اور وہی تباہی کا باعث ہوتے ہیں۔

جماعت کا فلسفہ اسلام کے اس حکم قطعی کے بعد کہ صاحب شریعت کی تعلیمات اور احکام پر کسی قسم کا اضافہ کرنا یا اُن میں سے کسی جزو کو ساقط سمجھنا "سنت" کی بیخ کنی اور "بدعت" کی پیروی ہے، اہل السنۃ کے معنی واضح ہو جاتے ہیں، لیکن اس کے بعد "والجماعۃ" کا لفظ سامنے آتا ہے اس لیے "والجماعۃ" کی تفسیر بھی خود صاحب شریعت کی زبان سے سُن لینی چاہیئے۔

اسلام دنیا کے تفرقوں کو مٹا کر تمام دنیا کی ایک عالمگیر برادری قائم کرنے آیا تھا۔ وہ آیا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوا۔ اس نے عرب کے متفرق قبائل کو جو باہم دشمن یا کم از کم ناآشنا تھے، ان کی قبائلی تقسیم کو مٹا کر صرف "جامعۂ اسلام" کے ایک رشتہ میں ان کو باہم متحد کر دیا۔ مہاجرین و انصار میں وہ اخوت پیدا کر دی کہ نسبی برادریاں اس کے آگے ہیچ ہو گئیں۔

کسی قوم میں کوئی ترقی اس وقت تک نہیں پیدا ہو سکتی جب تک اس کے تمام افراد کسی ایک نقطہ پر باہم اس طرح مجتمع نہ ہو جائیں

کہ وہ مختلف اجتماعی زندگی کا اصلی محور بن جائے، اس کا تحفظ، اس کی بقا، اس کا وجود تمام افرادِ قوم کی زندگی کی غرضِ اصلی بن جائے۔ اس وقت اس مجموعۂ افراد کو ایک ملت کہا جاسکتا ہے، اور وہی نقطۂ اتحاد ان کا خمیرِ قومیت، رشتۂ جامعیت اور رابطۂ وحدت قرار پائے گا۔ کسی قوم کی تباہی کا اصلی سبب یہی ہوتا ہے کہ اس کی قومیت کی یہ گرہ کھل جاتی ہے۔ تمام مجتمع افراد اس طرح متفرق و منتشر ہو جاتے ہیں کہ ہوا کا ایک ادنیٰ جھونکا ان کو بکھیر دیتا ہے۔

یورپ کے تمام متمدن ممالک کا وجود جامعۂ وطنیت کے اندر پوشیدہ ہے۔

ہندوستان کی ترقی کی تمام کوششیں اس وقت تک بے اثر رہیں گی جب تک اس کی تمام قوموں میں مذہب یا وطن یا زبان کسی چیز کا نقطۂ اتحاد نہ پیدا ہو۔ اسلام نے اپنے سامنے دنیا کی عمومی برادری رکھی ہے۔ وہ کسی ایک وطن کو یا کسی خاص جغرافی ملک کو صرف باہم متحد ہی نہیں کرنا چاہتا بلکہ تمام دنیا کو متحد کر دینا چاہتا ہے تاکہ دنیا میں ایک عام امن و سلامتی پیدا ہو جائے۔ موجودہ جنگ کے مصائب اسی غلطی کے نتائج ہیں۔ یورپ کا رشتۂ اتحاد وطن یا نسل ہے۔ جس کا اشتمال لا محالہ صرف ایک محدود نسل یا جغرافی ملک پر ہوگا۔ اس لیے یورپ میں سیکڑوں جامعیتیں پیدا ہو گئی ہیں

اس وقت انگریز جرمن سے نہیں لڑ رہا بلکہ انگلستان جرمنی سے لڑ رہا ہے۔

اسلام نے جغرافی اور نسلی امتیازات کو جن کے اندر کبھی تمام دنیا نہیں سما سکتی مٹا کر مذہب کو جامع ارتباط اور رابطہ جامعیت قرار دیا، تاکہ دنیا کے جس حصہ اور انسانوں کی جن نسلوں تک بھی اس کا دائرہ وسیع ہو وہ ایک برادری کے اندر داخل ہو جائیں۔

اسلام نے باآواز بلند کہا۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ (حجرات): مسلمان تو آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

اسلام کے پیغمبر نے اس کی تفسیر میں کہا۔

تری المومنین فی تراحمہم وتوادہم کمثل الجسد اذا اشتکی عضو تداعی لہ سائر الجسد بالسہر والحمی۔ (بخاری و مسلم)

مسلمان باہم رحم محبت اور مہربانی میں ایک بدن کی طرح ہیں جو کوئی ایک عضو کو کوئی درد ہوتا ہے تو تمام بدن بے خوابی اور تپ کی دعوت ایک دوسرے کو دیتا ہے

پھر فرمایا

المومن للمومن کالبنیان یشد بعضہ بعضا۔

تمام مسلمان مثل ایک دیوار کے ہیں جن کے ایک حصے سے جڑ کر دوسرا حصہ قائم ہوتا ہے۔

ارشاد ہوا

المسلم اخو المسلم لا یظلمہ لا

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اس

یسلمہ (بخاری و مسلم) پر ظلم کرے نہ اسے اس کی اعانت ترک کرکے

آپ نے فرمایا۔

کل المسلم علی المسلم حرام دمہ و ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان پر تمام چیزیں

مالہ و عرضہ (مسلم) حرام ہیں اس کا خون اس کا مال اور اس کی آبرو

ایک دفعہ آپ نے صحابہ کو مخاطب کرکے فرمایا۔

انصر اخاک ظالماً او مظلوماً اپنے بھائی کی مدد کر خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو

صحابہ میں سے ایک نے عرض کی مظلوم ہو تو مدد کروں گا لیکن ظالم ہو تو کیوں کر مدد کروں، فرمایا، اس کی مدد یہ ہے کہ اس کو ظلم سے باز رکھو۔

امت اسلامیہ کی اجتماعی زندگی کی نسبت فرمایا۔

ان اللہ لا یجمع امتی علی الضلالۃ اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہ کریگا

وید اللہ علی الجماعۃ ومن شذ خدا کا ہاتھ جماعت پر ہے جو جماعت سے

شذ فی النار (ترمذی) الگ ہوا وہ دوزخ میں الگ ہوا (ترمذی)

تفترق امتی علی ثلث وسبعین میری امت تہتر فرقوں پر منقسم ہوگی بہتر

ملۃ ثنتان وسبعون فی النار دوزخ میں اور ایک جنت میں اور

وواحدۃ فی الجنۃ وھی الجماعۃ۔ وہ جماعت ہوگی۔

انہیں معنی کی اور بہت سی حدیثیں مروی ہیں۔ ان سے "اہل السنۃ" کے بعد "والجماعۃ" کی حقیقت واضح ہوتی ہے۔ قرآن پاک کی اس آیت

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا، اللہ کی رسی کو سب مل کر مضبوط پکڑو۔

کی یہ سب تفسیریں ہیں۔ قرآن پاک کی ایک دوسری آیت ہے،

وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ اور نہ چلو کئی راہیں پھر وہ تم کو ہٹا دیں گی

عَنْ سَبِيلِهِ (انعام ۱۹) اللہ کی راہ سے۔

اس آیت کی شرح اس حدیث سے ہوتی ہے جس میں یہ مضمون ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سیدھی لکیر کھینچی۔ اور پھر اس کے دائیں بائیں لکیریں کھینچیں۔ اور فرمایا کہ یہ سیدھی لکیر تو صراط مستقیم ہے اور دائیں بائیں کی راہیں (نفسانی) ہیں، بعض نو صحابہ نے پوچھا، یا رسول اللہ! وہ صحیح راہ کیا ہے، فرمایا،

مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِىْ وہ راہ ہے جس پر میں اور میرے اصحاب ہیں

اسلام میں جماعت شکنی! اسلام میں "سنت" اور "جماعت" میں سے سب سے پہلے "جماعت" کا اصول ٹوٹا۔ اس جماعت شکنی نے سیاسی حیثیت سے مسلمانوں کو مختلف فرقوں میں تقسیم کر دیا، یعنی عثمانیہ اور سبائیہ۔

یہ فرقے خود صحابہ کے آخر عہد میں پیدا ہو چکے تھے۔ سب سے پہلے حضرت عثمانؓ کے ملکی طرز عمل اور سیاسی انتظامات کی بنا پر دو فرقوں کا ظہور ہوا، ایک ان کا حامی اور طرفدار تھا، اور دوسرا ان کا مخالف تھا۔ پہلا فرقہ تاریخ میں **عثمانیہ** کہلاتا ہے، اور دوسرے کا نام **سبائیہ**

ہے۔ وہ ابن سبا ایک یہودی نو مسلم تھا جس نے حضرت عثمانؓ کے مخالفین کو ایک خیرانہ میں مجتمع کیا تھا، عثمانیہ خالص عرب تھے۔ سبائیہ میں عرب و عجم دونوں عنصر شامل تھے۔ ان دونوں قوموں کے خصائص طبعی بالکل مختلف ہیں۔ عرب تلوار کے دھنی ہیں اور اہل عجم باتوں باتوں میں کام نکالنے کے عادی ہیں، نتیجہ یہ ہوا کہ ایک دو ہی میدانوں کے بعد یہ فرقہ دو حصوں میں منقسم ہو گیا۔ ایک نے اپنے لئے علویہ یا شیعۂ علی کا لقب پسند کیا، اور دوسرا خوارج کے نام سے مشہور ہوا۔ پہلے ان کو عموماً حروریہ کہا جاتا تھا۔ حرورا ایک مقام کا نام تھا، جہاں اس فرقے نے اپنی علیحدہ ہستی کا سب سے پہلے اعلان کیا۔ یہ تمام تر عرب تھے۔ اور نظریۂ سابق کے مطابق اس نے اپنے دعووں کا دو ڈھائی سو برس تک ہمیشہ تلواروں کے ذریعہ سے اعلان کیا اور کبھی اس نے خلفاء کے عہد کے سامنے سر اطاعت خم نہ کیا۔

علویہ میں عرب کم تر لیکن اہل عجم کا بڑا حصہ شامل تھا اسی لئے آخر الذکر عنصر تلوار کے بجائے سازشوں کا مادہ فطرۃً زائد تھا۔ اور جو عرب تھے وہ اپنی وفاداری پر قائم رہے۔ انصار کا ایک حصہ علوی تھا اور بعض مؤرخین بھی علوی تھے یعنی حضرت علیؓ کو حضرت عثمانؓ سے افضل جانتے تھے۔

فرقہ عثمانیہ سو برس تک بنوامیہ کی زندگی کے ساتھ قائم رہا

بعض بعض صحابہ اور بعض اکابر محدثین اس فرقہ میں داخل تھے۔ اسماء الرجال میں بعض محدثین کے حالات کے ضمن میں اس کی تصریح ملتی ہے، کہ وہ عثمانی یا علوی تھے۔ لیکن بنو امیہ کے زوال کے بعد اس فرقہ کا نام و نشان تک نہ رہا۔

ان فرقوں نے تھوڑے دن کے بعد ملک کی جغرافیائی تقسیم کر لی، عثمانیہ شام میں، علویہ اور حروریہ عراق میں، اور اہل السنۃ حجاز میں ابتداءً عثمانیہ اور علویہ میں صرف اسی قدر فرق تھا کہ عثمانی حضرت عثمانؓ کو حضرت علیؓ سے افضل سمجھتے تھے، اور علویہ حضرت علیؑ کو ان سے بہتر جانتے تھے۔ شیخین کی فضیلت پر دونوں کو اتفاق تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ عثمانیہ ناصبیہ ہو گئے، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو علی الاعلان نعوذ باللہ برا کہنے لگے، لامحالہ اس کا ردعمل ہونا ضرور تھا۔ علویہ نے نہ صرف بنو امیہ کو بلکہ خلفائے اولین کو بھی برا کہنا شروع کیا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ علویہ کا یہ فعل بہت بعد میں شروع ہوا، کیونکہ صحاح کی کتابوں میں بنو امیہ کی ان شرارتوں، اور خوارج کی بد عقیدگیوں کی تردید صحابہ کی زبان سے صراحۃً مذکور ہے، لیکن علویہ کی نسبت ان کا کوئی حرف میری نظر سے نہیں گذرا۔

ہم نے لکھا ہے کہ ان سیاسی اختلافات نے مذہبی اختلافات کی بنیاد قائم کی۔ سب سے پہلا سوال یہ پیدا ہوا کہ جو لوگ جنگ

جمل و صفین وغیرہ میں ادھر یا اُدھر سے شریک ہوئے اُن میں برحق کون تھا اور آیا دوسرا فریق اس آیت کا مستحق ہے یا نہیں۔

وَمَن يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهٗ   جو کسی مسلمان کو عمداً قتل کریگا اسکی جزا جہنم
جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيهَا   ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔

یہ اختلاف سب سے پہلے کوفہ میں پیش آیا اور یہیں سے صدا بلند ہوئی صحابہؓ زندہ تھے، سعید بن جبیر حضرت ابن عباس رضؓ کے پاس آئے، اور پوچھا کہ کیا یہ آیت منسوخ ہے؟ فرمایا نہیں، یہ آخری آیتوں میں ہے (مسلم کتاب التفسیر) خوارج اسکے قائل تھے کہ چونکہ طرفین نے ایک دوسرے پر جان بوجھ کر تلوار اٹھائی اس لیئے دونوں جہنمی ہیں، چنانچہ اسی اصول کی بنا پر ان تمام خانہ جنگیوں میں وہ دونوں جماعتوں کو برابر کافر جانتے تھے، اور چونکہ قتل عمد گناہ کبیرہ ہے اور اس کے لیئے خدا نے دائمی جہنم کی دھمکی دی ہے جو کافروں کی سزا ہے۔ اس سے وہ ثابت کرتے تھے کہ گناہ کبیرہ کے مرتکب مومن نہیں رہتے، یہ آیت بظاہر خوارج کے اثبات مدعا میں ایسی صاف تھی کہ خوارج اپنے خیالات کی اشاعت میں اس سے کامیاب ہوتے تھے،

مسلم میں روایت ہے کہ چند تابعین خوارج کے دلائل سے مطمئن ہو کر خارجی بن گئے تھے۔ اتفاق سے حج کا زمانہ پیش آیا اور اُن کا مدینہ میں گذر ہوا، مسجد نبوی میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

ایک مشہور صحابی اپنے منبر پر درس دے رہے تھے۔ اُن لوگوں نے اپنے شکوک اُن کے سامنے پیش کیے۔ انہوں نے تشفی کر دی اور ایک کے سوا سب لوگوں نے اپنی سابق رائے سے توبہ کر لی۔

دوسرے فرقوں کے سامنے قرآن مجید کی دوسری آیت تھی۔

وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ	اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں باہم کشت و خون
اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ	کریں تو اُن کے درمیان صلح کرا دو۔ اور اگر
بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ	اُن میں سے ایک دوسرے پر ظلم کرے تو
فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ	ظالم جماعت سے لڑو یہاں تک کہ وہ حکم الٰہی
إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ (حجرات)	کی طرف رجوع کرے۔ (حجرات)

علوی اور عثمانی دونوں اس آیت کو اپنے دعوے کے ثبوت میں پیش کرتے تھے۔ وہ خود کو برسرِ حق ٹھہرا کر دوسرے فریق کو برسرِ باطل قرار دیتے تھے اور اس لیے اس پر تلوار اٹھانا جائز سمجھتے تھے۔

اتنے توبرتو پردوں کے اٹھنے کے بعد اب وقت آیا ہے کہ اہل السنت والجماعت کی حقیقت پر ایک اور نقطۂ نظر سے غور کیا جائے

اختلافاتِ صحابہ اور مختلف فرقوں کی پیدائش

حضرت ذی النورین کے زمانے کے فتنے سے لے کر اس وقت تک تین فرقے برابر برابر کے قائم ہو گئے تھے۔ علویہ، عثمانیہ، مروریہ یا خوارج۔ ان کی

تعداد تمام امت میں محدود تھی۔ یہ تینوں فرقے جب اصل تعلیم اور جس صراط مستقیم اور دین شاہراہ قدیم کو چھوڑ کر الگ الگ راستوں پر پڑ گئے تھے اس کا نام "سنت" اور اسی کا نام "جماعت" تھا۔ وہ جو سواد اعظم اس راہ پر قدم زن تھا وہی "اہل السنت والجماعت" تھے جنہوں نے ایک طرف مذہبی حیثیت سے ان اصول سے جن کی شارع نے تعلیم کی تھی۔ ایک ذرہ ہٹنا گوارہ نہیں کیا اور دوسری طرف انتظامی و سیاسی نقطہ سے عامۂ صحابہ سواد اعظم جمہور اور جماعت کی رائے کے پابند تھے ان تمام خانہ جنگیوں میں کچھ لوگ امیر معاویہؓ کے ساتھ تھے۔ وہ عثمانیہ تھے کچھ جناب علی مرتضیٰؓ کے ساتھ تھے۔ وہ علویہ تھے اور کچھ دونوں کو برا جانتے تھے۔ وہ حروری اور خوارج تھے۔ اہل السنت وہ تھے جو دونوں میں سے کسی کو برا نہیں کہتے تھے اور ان کی اصل نیت پر حملہ نہیں کرتے تھے۔ ان کی حیثیت ان تمام خانہ جنگیوں میں غیر طرفداری کی تھی۔ اس لئے اہل السنت کسی فریق کے طرفدار گروہ کا نام نہ تھا بلکہ غیر طرفدار گروہ کا نام تھا۔ وہ ان خانہ جنگیوں کو مذہبی جنگ نہیں۔ بلکہ سیاسی جنگ سمجھتے تھے۔ وہ اس کو فتنہ کہتے تھے اور اس کی شرکت پر عدم شرکت کو ترجیح دیتے تھے۔

اہل السنۃ ناطرفدار گروہ: صحابۂ کبار میں سے ان خانہ جنگیوں کے عہد میں جو بزرگ صحابہ زندہ تھے۔ لیکن فریق کی حیثیت سے جن کا نام پیش کیا جا سکتا ہے وہ معدودے چند اشخاص تھے۔ یعنی

سوادِ اعظم ناطرفداری کی حالت میں تھا۔ جو بعض اشخاص فریقین کی حیثیت سے ادھر یا اُدھر شریک تھے وہ ایک دوسرے کو نعوذ باللہ فاسق یا کافر نہیں سمجھتے تھے۔ حضرت عمارؓ بن یاسر حضرت علیؓ مرتضیٰ کے سخت طرفدار تھے۔ وہ حضرت عائشہؓ کی فوج کے مقابلے میں اہل کوفہ کو شرکتِ جنگ کے لئے اُبھارتے ہیں تو یہ الفاظ اُن کی زبان سے نکلتے ہیں

انی لاعلم انھا لزوجتہ فی الدنیا	میں جانتا ہوں کہ وہ دنیا میں آپ کی بیوی تھیں
والآخرۃ ولکن اللہ ابتلاکم	اور آخرت میں بھی آپ کی بیوی رہیں گی بہشت میں
لتتبعوہ او ایاھا۔	ہیں لیکن خدا تم کو آزماتا ہے کہ تم اس کا ساتھ دیتے
	ہو یا ان کا دیتے ہو۔

حضرت زبیرؓ کے قاتل نے جب حضرت زبیرؓ کا سر مبارک حضرت علیؓ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے فرمایا ابن صفیہ کے قاتل کو جہنم کی بشارت ہو۔ ہم ہی وہ ہیں جن کی شان میں خدا نے فرمایا ہے۔

ونزعنا ما فی صدورہم	اہل جنت کے سینوں کی عداوتیں ہم
من غلٍ اخوانا علی سررٍ	نے دور کر دیں اور وہ جنت میں بھائی بھائی بن
متقابلین۔	کر آمنے سامنے تخت پر بیٹھے ہوں گے۔

امیر معاویہؓ کو حضرت علیؓ سے جس قدر سیاسی اختلاف تھا وہ پوشیدہ نہیں لیکن جب علمی و دینی ضرورت پیش آتی تو آپ کو اسی بارگاہ کی طرف

---

[۱] طبری

رجوع کرنا پڑا۔ حضرت عائشہؓ حضرت علیؓ کے مقابل فوج لائی تھیں، لیکن دینی فیصلوں کے موقع پر انہوں نے بھی حضرت علیؓ کے پاس سے انکار نہیں کیا۔

بہرحال ان روایتوں سے صرف یہ ثابت کرنا تھا کہ ان بعض چند صحابہ میں جو اختلاف تھا وہ فرقہ بندی کی حیثیت نہیں رکھتا تھا بلکہ اختلاف رائے کی حیثیت رکھتا تھا اس بنا پر سوادِ اعظم نے ان خانہ جنگیوں کو خطائے اجتہادی سے تعبیر کیا قرآن کی جو چند ادھر پیچھے کی آیتیں علویہ اور عثمانیہ ہم کو سنا کر رہ گئے تھے لہ پوری آیتیں ہم کو سناتے ہیں۔

وَاِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں باہم لڑ پڑیں تو ان کے
اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا فَاِنْ	درمیان صلح کرادو اور اگر ان میں سے ایک دوسرے
بَغَتْ اِحْدٰهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى	پر ظلم کرے اس سے لڑو یہاں تک کہ وہ خدا
فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰى	کے حکم کی طرف رجوع ہو جائے تو ان میں
اَمْرِ اللّٰهِ فَاِنْ فَاۗءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا	صلح کرادو۔ خدا اہل انصاف کو دوست
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ	رکھتا ہے۔ مسلمان آپس میں بھائی بھائی
اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ	ہیں۔ اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ،	کراؤ اور خدا سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

وہ صحابہ جو ان لڑائیوں میں شریک نہیں ہوئے اسلام کی تباہی

لہ سنن سعید بن منصور کے مسئلہ المسح علی الخفین۔

پر اُن کے پر درد کلمات اور زمانۂ فتن کے متعلق آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال اور نصائح جس حسرت اور افسوس کے ساتھ بیان کرتے تھے اب تک اُن کے پڑھنے سے آنکھیں اشک آلود ہو جاتی ہیں۔ فاتح ایران حضرت سعد وقاصؓ خانہ نشین ہو گئے تھے اور کہتے تھے کہ اگر میرے گھر آکر بھی کوئی مجھ پر تلوار چلائے تو میں اپنا ہاتھ اس پر نہ اٹھاؤں گا۔

اہبان بن صیفیؓ سے عدم شرکت کی وجہ پوچھی گئی تو کہا "میں نے جب اپنی تلوار میان سے نکال کر کندھے پر رکھی ہے تو وقتیہ تمام مشکلیں حل ہو گئی ہیں لیکن موجودہ مشکلات کی نسبت میں نہیں جانتا کہ کیا کروں۔"

حضرت علیؓ نے ایک بزرگ سے شرکت کی درخواست کی، انہوں نے عرض کی "میرے دوست اور آپ کے چچیرے بھائی یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے کہا ہے کہ جب ایسا وقت آئے تو لکڑی کی تلوار رکھنا، سو وہ لکڑی کی تلوار لے کر چل سکتا ہوں۔" حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اور حضرت ابوبکرہؓ نے لوگوں کو بتایا کہ "یہ وہ زمانہ ہے جس میں سونے والا بیٹھنے والے سے اور بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے، کھڑا ہونے والا چلنے والے سے، اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہے۔"

چند ایسے صحابہ بھی تھے جو اس زمانہ میں گھروں کو چھوڑ کر گاؤں اور پہاڑوں میں چلے گئے تھے، ایسے بھی تھے جو اپنی رائے کے مطابق

معتزلہ ادھر فوج میں موجود تھے، لیکن انہوں نے تلوار نہیں چلائی۔ بخاری کے ابواب الفتن کو دیکھو تو اس قسم کے واقعات صفحہ صفحہ پر ملیں گے۔

اہل سنت کلام میں

در راہ عشق بیہدہ پشیماں نہ ایم ایں شیوہ را بطرز دگر کردہ ایم ما

گذشتہ اوراق میں "اہل السنت والجماعت" کی جو تعبیر کی گئی تھی وہ سیاسی فرقوں کے مقابلہ میں تھی، لیکن حالات کے انقلاب سے یہی لفظ ایک اور معنی پیدا کرتا ہے، جس کو ہم لفظ "اہل السنت والجماعت" کا دوسرا دور کہتے ہیں۔ اس دور کی تشریح کیلئے ایک مختصر تمہید کی ضرورت ہے۔

عجم اور عرب کے خصائص ذہنی: جس طرح اشخاص کے فطری خصائص اور اخلاق ہوتے ہیں، اسی طرح قوموں کی بھی فطری خصوصیتیں اور ان کے طبعی اخلاق ہیں۔ عرب کی قوم فطرتاً سراپا عمل ہے، ایران سراپا خیال و تخیل ہے۔ جن لوگوں کی نظر علم کلام کی تاریخ پر ہے وہ جانتے ہیں کہ جب تک عربوں کا اختلاط ایرانیوں کے ساتھ نہیں ہوا۔ عربوں کے ہر قسم کے قوائے عملی زندہ تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو دوسری قوموں کی تقلید و مشابہت سے منع فرمایا تھا، جس کا مقصد یہی تھا کہ مسلمانوں کے قوائے اخلاقی اسلامیت اور عربیت کے صحیح نمونہ پر قائم رہیں۔ حضرت عمرؓ نے مسلمان سپاہیوں کو ایران کی مہم پر روانہ کیا تھا تو ان کو نصیحت کی تھی کہ ایرانیوں سے آرام طلبی کی تعلیم نہ حاصل کریں۔ غیر قوموں کو مسلمانوں

کے تتبع اور ان کے طرز لباس کی تقلید سے بھی اس لئے روکا کہ اسلامیت کا جوہر اس اختلاط اور تشابہ سے برباد نہ ہوجائے۔

کوفہ اور بصرہ کے شہر کیوں عرب و عجم کے اختلافات کے مرکز بنے:

فتح ایران کے بعد سرحد پر فوجی چھاؤنیوں کی تعمیر کی ضرورت محسوس ہوئی چنانچہ اسی ضرورت کی بنا پر کوفہ اور بصرہ کے شہر آباد ہوئے۔ تھوڑے ہی دنوں میں یہ شہر عرب و عجم کے مشترکہ اخلاق و خصائص کے نمائش گاہ بن گئے۔ ان اطراف میں اسلام کے پہلے سے بھی پارسیوں کے بہت فرقے جن کا مذہب سرکاری مذہب کے موافق نہ تھا اور جو سلطنت کے باطل فرقے شمار ہوتے تھے، آباد تھے، چونکہ یہ حکومت ایران کی آخری سرحد تھی، اس لئے ان مذہبی مجرموں کے لئے اس سے بہتر کوئی امن نہ تھا، عربوں نے فوجی نقطۂ نگاہ سے ان مقامات کو اپنا فوجی مرکز قرار دیا۔

عرب کی خشک آب و ہوا میں رنگین طبیعتوں کی پرورش کے لئے عراق کے سبزہ زاروں اور دجلہ و فرات کے کناروں سے بہتر کوئی جگہ تھی، ان وجوہ سے اس زمانہ میں یہ شہر علوم و مذاہب اور ادب و ثقافت کی دلچسپیوں کے باغ و بہار تھے۔ لیکن عرب و عجم کے رنگ و مذاق میں جو طبعی اختلاف ہے اس کے ابھرنے کیلئے بھی اس سے بہتر زمین کا کوئی قطعہ نہ تھا، نتیجہ یہ ہوا کہ جنگ و جدل کی فوجی سرزمین اوہام و خیالات کی رزم گاہ بن گئی۔

مشاجراتِ صحابہ کے بعد اختلافِ افکار

لوگ کہتے ہیں کہ رات کو بیماری کی شدت بڑھ جاتی ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ بیماری کی شدت نہیں بلکہ بیمار کے احساس کی شدت بڑھ جاتی ہے دن کے شور و غل اور حواس کی مصروفیت میں احساس کا کم موقع ملتا ہے۔ لیکن رات کے خاموش اور غیر مصروف گھنٹوں میں ہمارے احساسات ایک ایک زخم کو ٹٹولتے ہیں۔ اور اس کی تکلیف کو محسوس کرتے ہیں۔

امام حسنؓ اور امیر معاویہؓ نے جب باہم صلح کر لی۔ اور لڑائیوں کو اطمینان سے غور کا موقع ملا تو ہر گروہ کو اپنے بدن کے زخم جن کے دیکھنے کی پہلے فرصت نہ تھی محسوس ہونے لگے۔ دن کے شور و غل اور حواس کی غافلانہ مصروفیت کے بعد اب شام ہو رہی تھی اور رات کے گھنٹے آ رہے تھے۔ عمل کا دور ختم ہو کر اب تخیل کا دور شروع ہوتا ہے۔ سب سے پہلے سوال یہ پیدا ہوا۔ اور یہ کوفہ میں پیدا ہوا کہ اگر حق پر تھے تو دوسرے فریق کی نسبت ہم کیا خیال کریں اور اگر حق پر نہ تھے تو ہم خود مدعی عدالت میں کیا ٹھہرتے ہیں جو قرآن کہتا ہے۔

مَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُتَعَمِّداً فَجَزَاؤُهُ	جس نے کسی مسلمان کو عمداً قتل کیا اس
جَهَنَّمُ خَالِداً فِيْهَا.	کی جزا جہنم ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیگا۔

اہل السنۃ کا فیصلہ

اس بنا پر عثمانیہ اور طرفداران معاویہ اپنے کو برسر حق سمجھ کر دوسرے کو جہنمی قرار دیتے تھے۔ علویہ بھی اپنے مخالفین

کی نسبت یہی فیصلہ کرتے تھے۔ خوارج نے کہا کہ دونوں نے جان بوجھ کر ایک دوسرے پر تلوار چلائی اس لئے دونوں جہنمی ہیں۔ **اہل السنۃ** کا یہ فیصلہ تھا کہ یہ قتل عمد نہیں قتل خطا ہے۔ کہ ہر ایک فریق نے خود کو برحق جان کر اور دوسرے کو برسرِ باطل سمجھ کر مذہباً اور اعتقاداً دوسرے کا خون بہانا جائز اور مباح سمجھا تھا۔ اس لیے اس کا فیصلہ اُس کے ہاتھ ہے، جو حقیقت حال سے واقف اور نیتوں کے اصل منشا سے آگاہ ہے۔

بخاری اور مسلم دونوں میں ہے کہ کوفے سے چند لوگ حضرت **ابن عباسؓ** کی خدمت میں آئے اور ان سے پوچھا کہ یہ آیت منسوخ ہے؟ فرمایا نہیں یہ آیت آخر میں اُتری ہے۔ اس کو کسی نے منسوخ نہیں کیا۔ مسلم میں ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا "قرآن میں تو یہ ہے کہ ہم مسلمانانِ اوّل کے لئے دعائے مغفرت کریں، لیکن لوگ ان کو گالیاں دیتے ہیں" ام المومنین کا اس آیت پاک کی طرف اشارہ ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ ۔
خداوندا ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے پہلے ہیں معاف کر۔

یہ حدیثیں بخاری اور مسلم کی کتاب التفسیر میں ہیں۔ سلف صالحین

لہ یہ فیصلہ بحیثیت عام جنگوں کے ہے ورنہ مناقب و فضائل کے لحاظ سے حضرت علیؓ کا جو پایہ ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔

اور محدثین اہل سنت نے اصولی حیثیت سے اس مسئلہ کو ذکر کیا ہے چنانچہ عقائد کی تمام کتابوں میں اس کا تذکرہ ہے۔

خوارج کے نزدیک چونکہ یہ قتل عمد تھا جو گناہ کبیرہ ہے، اور جس سے دائمی جہنم کا انسان مستوجب ہوتا ہے اور دائمی جہنم کا مستوجب ہونا صرف کافروں کی صفت ہے، اس لئے گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر ہے، اس نتیجہ نے خارجی مذہب کے اصول اولین کی حیثیت اختیار کر لی، اس کے بالمقابل ایک اور فرقہ ہوا جو **مُرجیہ** کے نام سے مشہور ہوا۔ اس نے بعض احادیث کی بنا پر یہ دعویٰ کیا کہ ایمان کے ساتھ کوئی گناہ مضر نہیں، گناہ سے مومن کسی طرح عذاب کا مستحق نہیں ہوتا ہے، چہ جائے کہ اس سے کفر لازم آئے۔ ایک تیسرا فرقہ **مُعتزلہ** کا ان دونوں کے بیچ میں پیدا ہوا جس نے دونوں گذشتہ فریقوں کے دلائل سن کر یہ فیصلہ کیا کہ گناہ کبیرہ کا مرتکب نہ مومن ہے نہ کافر بلکہ کفر اور ایمان کے بیچ کی منزل میں ہے۔

اہل السُنّۃ پھر آگے بڑھتے ہیں۔ وہ ان فرقوں کی طرح جو صراط مستقیم سے ہٹ گئے، صرف ایک روایت یا حدیث کو لے کر فیصلہ نہیں کرتے، اُن کے سامنے قرآن کی تمام آیتیں تھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و ہدایات تھے، صحابہ کے آثار اور روایات تھے۔ انہوں نے کہا گناہ کبیرہ کے ارتکاب سے کفر لازم نہیں آتا لیکن

اس کا مرتکب عذاب کا مستحق ضرور ہو جاتا ہے۔ گو یہ ممکن ہے کہ خداوند تعالیٰ اپنی قدرت اور رحمت سے گنہگار کی خطاؤں کو معاف کر دے، اور اسے عذاب سے بچا لے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ بعض لوگ خوارج کے دلائل سن کر خارجی بن گئے۔ اتفاق سے اُن کا گزر مدینہ میں ہوا، وہاں حضرت جابرؓ سے ملاقات ہوئی۔ اُن سے پوچھا کہ گنہگار بخشے بھی جائیں گے انہوں نے قیامت کے تمام واقعات اور گنہگاروں کی شفاعت اور مغفرت کی حدیث بیان کی۔ یہ سن کر سب کے سب تائب ہو گئے۔

فرقوں کی ملکی تقسیم: ہم نے پہلے لکھا ہے کہ ان فرقوں نے قولی تقسیم کے علاوہ ملکی تقسیم بھی حاصل کر لی تھی۔ **شام** میں عثمانی و ناصبی وغیرہ حامیان بنوامیہ تھے۔ اور **عراق** میں علوی اور اہل علم تھے۔ بنوامیہ نے میدان **کربلا** میں جگر گوشۂ رسول کے ساتھ جو کچھ کیا، سرزمین حرم میں صدیقؓ کے نواسہ (ابن زبیرؓ) کو جس بیدردی کے ساتھ قتل کیا، امام زین العابدین کے دلبند زید شہید کا سر جس طرح اُتارا گیا، **مدینۃ الرسول** میں اصحاب کرام کو جو رسولؐ کے دست و بازو تھے جس صفائی سے تہ تیغ کیا، بصرہ کے محدثین اور علماء کا خون جس طرح بے دریغ بہایا، اس کو دیکھ دیکھ کر اور سن سن کر تمام عالم اسلامی دم بخود تھا۔

بنوامیہ کے دور میں تلوار کا جادو زبان کو گونگا کر سکتا تھا، لیکن دل کا **مذہبی فرقوں کا ظہور** کانٹا نہیں نکال سکتا تھا، اس لیے مذہبی مخر

کی ضرورت تھی، آخر وہ منتر جواب کر لیا گیا۔ اور وہ مسئلہ جبر تھا یعنی یہ کہ انسان مجبور محض ہے۔ جو کچھ کرتا ہے خدا کرتا ہے۔ اس لیے انسان اپنے اعمال کا ذمہ دار نہیں۔ اس کی ذمہ داری خدا پر عائد ہے۔ ان وجوہ سے ان سفاکیوں کے وہ مجرم نہیں بلکہ نعوذ باللہ خود خدا ذمہ دار ہے۔ عراق کے اہل فکر نے اہل شام کے اس جواب کا جواب "نظریۂ قدر" سے دیا۔ یعنی یہ کہ انسان اپنے تمام اعمال کا آپ ذمہ دار ہے۔ "تقدیر کوئی شے نہیں"[1] خدا نے اس کے افعال پر اس کو قدرت دے دی ہے انسان خود جس طرح چاہتا ہے کرتا ہے۔ یہ آواز سب سے پہلے عراق سے اٹھی۔ اور سنسویہ یا سوسن نام ایک مجوسی نژاد کی زبان سے بلند ہوئی[2] معبد جہنی نے اس کو اصول عقائد میں داخل کر دیا۔ کچھ لوگ بصرہ سے حضرت ابن عمرؓ کے پاس آئے اور عرض کی کہ ہمارے ہاں کچھ لوگ پیدا ہوئے ہیں جو تقدیر کے منکر ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ تمام کام پہلے سے مقدر ہو کر نہیں بلکہ از سر نو ہوتے ہیں۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ "ان سے کہہ دو کہ ہم کو ان سے تعلق نہیں۔ اور ان کو ہم سے نہیں"[3] معبد جہنی نے مسئلہ قدر کو بصرہ کے علمی حلقوں تک پہنچایا۔ اور پھر رفتہ رفتہ اس کا دائرہ وسیع ہو گیا۔

---

[1] مقریزی جلد ۲ صفحہ ۳۵۶، مختصر۔ صحیح مسلم کتاب الایمان و ترمذی باب ماجاء فی القدر۔

[2] کتاب الصفات بیہقی و خلق افعال العباد بخاری ص ۱۵ طبع دہلی۔ [3] صحیح مسلم کتاب الایمان۔

معبد اور عطا بن یسار حضرت حسن بصری کی خدمت میں آتے اور عرض کرتے کہ یہ لوگ (بنو امیہ) خلق خدا کا خون بہاتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ ہم لوگ جو کچھ کرتے ہیں وہ خدا کے حکم سے کرتے ہیں، انہوں نے کہا "خدا کے دشمن جھوٹ کہتے ہیں" آخر معبد نے بغاوت کی اور عبدالملک اموی کے حکم سے قتل ہوا، معبد کے بعد عمرو ابن عبید، جعد بن درہم اور غیلان دمشقی وغیرہ نے اس آواز کو دبنے نہ دیا، اور یہ سب یکے بعد دیگرے بنوامیہ کے ہاتھ سے قتل ہوئے، ان کے قتل نے اس فرقے میں اور زیادہ جوش برپا کر دیا، اور ایک دوسرا اصول بھی ان میں مسلم ہوا کہ سفاکوں اور ظالموں کو روکنا، اور عدل و انصاف کی دعوت دینا فرض ہے، ابتداءً اس فرقہ کا نام قدریہ پڑا، اور آخر بڑھتے بڑھتے یہی معتزلہ بن گیا۔

فرقوں کا انتشار: اب وہ وقت آیا کہ امویہ کا دور گذر کر عباسیہ کا ستارۂ اقبال خراسان کی سرزمین سے طلوع ہوا، یونان و عجم کے فلسفہ نے زبانوں کی گرہیں کھول دیں، جس کے منہ سے جو بات نکلی وہ ایک مذہب بن گئی، عراق، خراسان، رے وغیرہ ایران کے بڑے بڑے شہر مذہب سازیوں اور فرقہ بندیوں کے مرکز بن گئے خراسان میں جہم بن صفوان ترمذی پیدا ہوا، جس نے تمام صفات الٰہیہ کا انکار کیا، اور خدا کو مجبور محض فرض کیا، معتزلہ نے خدا کو صفات سے اس قدر منزہ کیا

کہ وہ معدوم کے جسم تک پہنچ گیا۔ ابن کرام سیستانی نے زمانے میں خدا
کی تجسیم کا وہ اعتقاد پھیلایا کہ ایک خوبصورت نوخیز صورت انسان بنا
کر تخت پر بیٹھا ہے۔ معتقدین تجسیم کی ایک خیال پر متفق نہ ہوئے خراسان
میں سلیمان مقاتل نے یہ اعتقاد ظاہر کیا کہ خدا کا جسم گوشت اور پوست
سے مرکب ہے۔ ہشام بن حکم نے گوشت پوست کے بجائے اس
کو نورانی الجسم کہا۔ ہشام بن سالم جوالیقی نے کہا خدا نور ہے۔ گوشت
پوست نہیں۔ اوپر کا دھڑ کھوکھلا اور نیچے کا دھڑ ٹھوس ہے۔ اس کے
کالے کالے بال ہیں۔ انسانوں کی طرح حواس خمسہ رکھتا ہے۔ اس
کے ہاتھ ہے پاؤں ہے۔ منہ ہے ناک ہے۔ داڑھی نہیں۔ بیان بن
سمعان نے کہا خدا کے جسم تو ہے۔ لیکن وہ قیامت میں فنا ہو جائے
گا صرف چہرہ رہ جائے گا۔ معتزلہ نے خدا کی رویت کا انکار کیا۔ وہ کہتے
تھے کہ رویت ان حواس خمسہ سے نہیں بلکہ ایک اور حاسہ سے ہوگی
جو قیامت میں خدا پیدا کرے گا۔

یہ بحث تو ذات خدا کی ترکیب کے لحاظ سے تھی۔ خدا کے صفات
کی بحث اس کے بعد شروع ہوتی ہے۔ جہمیہ نے خدا کے صفات ہی
سے انکار کیا کہ اگر صفات ہوں تو ان کی بقا بھی لازم آتی ہے۔ اور
دائمی بقا صرف خدا کی ذات کو ہے۔ نیز اگر صفات الگ ہوں تو ذات
صفات سے مل کر خدا کی ترکیب لازم آتی ہے۔ اور وہ ترکیب سے

پاک ہے۔ معتزلہ نے کہا خدا کی عین بسیط ذات ہی صفات کی قائم مقام ہے۔ اس کے مقابل ظواہر نے کہا صفات ذات سے الگ مستقل ہستی رکھتی ہیں۔ اشاعرہ نے کہا کہ صفات نہ عین ذات ہیں نہ خارج از ذات ہیں کعبی بلخی نے کہا کہ خدا میں صرف ایک صفت علم ہے اور ارادہ اس کی ذات کے ساتھ قائم ہے۔

ایمان اور عمل ایک شے ہے، یا عمل ایمان سے خارج ہے

ایمان زبان سے صرف اقرار کا نام ہے، یا دل سے محض اعتقاد کا۔ یا زبان کے اقرار اور دل کے اعتقاد دونوں کے مجموعہ کا۔ ایمان میں کمی زیادتی ہو سکتی ہے یا نہیں، خدا پر ایمان لانا عقلاً واجب ہے یا سمعاً، نبوت کا ثبوت نقل سے ہوتا ہے یا عقل سے، معجزہ ممکن ہے، معجزہ دلیل نبوت ہے یا نہیں، معجزہ مخفی اسباب پر مبنی ہوتا ہے یا محض خدا کے حکم سے ہوتا ہے، خدا کے احکام میں مصالح اور حکم ہوتے ہیں یا اللہ تعالیٰ کی مشیت محض سے وہ احکام صادر ہوتے ہیں۔ خدا کے کام اسباب کے ذریعہ اثر ہیں یا نہیں، قرآن کس حیثیت سے معجزہ ہے؟ قرآن کا جواب درحقیقت نہیں ہو سکتا تھا یا ہو سکتا تھا لیکن خدا نے انسان سے اس کی قدرت سلب کر لی ہے، قرآن میں وجہ اعجاز کیا ہے؟ اس میں پیشینگوئیوں کا ہونا یا اس کی عبارت کی فصاحت و بلاغت۔ قرآن کلام الٰہی کیونکر ہے، وہ قدیم ہے یا حادث۔

اس کے الفاظ بھی قدیم ہیں یا صرف معانی، جنت اور دوزخ اس وقت موجود ہیں یا قیامت میں ان کا وجود ہوگا، دوزخ کو بھی بہشت کی طرح دوام ہوگا یا قیامت کے بعد اس پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جب اس پر فنا طاری ہوجائے گی، اور اسی طرح بہشت ہمیشہ قائم رہے گی، یا ایک زمانہ کے بعد اس پر فنا طاری ہوجائے گی۔ قبر میں جسد پر عذاب ہوتا ہے یا نہیں، دوزخ میں کفار سب ایک بار جلیں گے یا بار بار، خدا کو محال پر قدرت ہے یا نہیں، وہ ظلم کرسکتا ہے یا نہیں؟

امامت کا مسئلہ ہم نے چھیڑا نہیں، کہ اس سے پھر ایک اور تسلسل پیدا ہوگا۔

یہ اور ان کے علاوہ سینکڑوں مسائل مختلف فرقوں کے عقائد کی صورت میں پیدا ہوئے، اور جس کی عقل نے جو بات کہی وہ ایک گروہ کا مذہب قرار پا گئی، چنانچہ یہ تمام مسائل مختلف فرقوں میں نفیاً یا اثباتاً اصول مذہب میں داخل ہیں، اور ملل ونحل کی کتابوں میں ان کی تفصیلات درج ہیں، یہ اختلافات صرف زبان اور دلائل تک محدود نہ رہے بلکہ بارہا دست و گریباں تک نوبت پہنچی۔ تیسری صدی میں **اشعریت** پیدا ہوئی، جس نے محدثین اور فقہاء میں بھی حسن قبول پیدا کیا، کہ اس کا مسلک عقل و نقل، اور معتزلہ اور ظواہر کے

بیچ بیچ میں تھا۔ اس نے ایک طرف باقلانی، ابن فورک، غزالی اور رازی کے زور بیان سے، اور دوسری طرف ملک شاہ سلجوقی، سلطان محمود غزنوی، سلطان صلاح الدین ایوبی، اور محمد بن تومرت موحدی زاہدین کی تلواروں سے وہ قوت حاصل کی کہ تمام فرقے اس کے سامنے دب گئے۔ تاہم بغداد کی سرزمین جب تک شاداب رہی، حنابلہ اور اشاعرہ کے جن میں سے ہر ایک کتاب و سنت پر عمل و ایمان کے دعویدار تھے، کبھی باہمی فتنوں سے خالی نہ رہی۔

ضلالت کے طبعی اسباب! اسلام کے مختلف فرقوں کی پوری روداد آپ کے سامنے ہے۔ غور سے پڑھیے اور دیکھیے کہ ان اختلافات کا اصل مبنیٰ، اور ان کی پیدائش کے اصل اسباب کیا تھے؟ یہ تھے کہ اسلام کی عملی زندگی کو چھوڑ کر صرف تخیل کی زندگی ان پر چھا گئی تھی۔

خیال آرائی! اسلام میں اختلافات کی جو بنیاد پڑی، جب تک ان میں مذہبی عنصر غالب نہ ہوا وہ عمل اور زندگی کی جنگ تھی، وہ مذہب کی آمیزش کے بغیر خالص سیاسی اور پولیٹیکل جنگ رہی، جس کے فیصلے کئی بار تلوار سے چاہے گئے۔ عجمیت کے عنصر نے پالٹکس کو مذہب کے پردے میں چھپا دیا، اور تلوار کی جگہ شکوک و شبہات، استدلالات علم فریب، تاویل نفس اور تعبیر مقاصد نے لے لی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تلوار کی جنگ

گو وہ ان اجسام کو فنا کر رہی تھی لیکن قومی زندگی کی روح کو نہیں فنا کر رہی تھی قوم میں زندہ رہنے کا جوش اور خروش تھا لیکن خیال آرائی کے اس طرزِ جنگ نے زندگی کے اصل جوہر مذہب کی اصل روح اور عمل کی اصلی قوت کو فنا کر دیا۔

عقائد میں وسعت طلبی اسلام کے اصل عقائد نہایت سادہ اور مختصر ہیں بلکہ اگر ان کو سمیٹنا چاہے تو صرف ایک لا الٰہ الا اللہ میں سمٹ سکتا ہے۔ جیسا کہ اس حدیث میں ہے کہ من قال لا الٰہ الا اللہ دخل الجنۃ۔ جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا وہ جنت میں داخل ہوا۔ اور اگر کچھ پھیلائے تو وہ سمٹے قرآن مجید نے اسلام نے اصول دین کو چھ دفعات میں جمع کر دیا ہے۔ اور وہ یہی ہے جو سورۂ بقرہ کے اول و آخر میں ہے۔ اور ایک حدیث میں ان کو بیان کیا گیا ایمان باللہ ایمان بالرسل ایمان بالکتاب ایمان بالملائکۃ ایمان بالیوم الآخر والایمان بالقدر یہ دفعات صحابہ کے عہد میں بالکل سادہ تھے۔ مگر جیسے جیسے مسلمانوں میں خیال آرائی بڑھتی گئی ان مسائل میں نئے نئے مباحث بڑھتے گئے۔

اسلام عقائد کی وسعت اور کثرت کا شائق نہیں بلکہ اسکے رسوخ و استواری اور شدتِ ایمان کا خواہاں ہے لیکن انسانیت کی بنا پر فطرت ہمیشہ وسعت کی طرف جاتی ہے خلاف فطرت کے قوت نے اس درجے کو روکا صحیح بخاری میں ہے کہ آپ نے فرمایا

لن یبرح الناس یتساءلون حتی	لوگ ہمیشہ ایک دوسرے سے پوچھتے رہیں گے
یقولوا ہذا اللہ خالق کل شیء	یہاں تک کہ کہیں گے کہ اللہ نے سب
فمن خلق اللہ	چیزوں کو پیدا کیا پھر خدا کو کس نے پیدا کیا؟

تاویل متشابہات

مسلم میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آپ نے آیت ذیل تلاوت فرمائی۔

هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ	اس نے تجھ پر کتاب نازل
مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ	کی جس میں کچھ آیتیں محکم اور
الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ فَاَمَّا	واضح ہیں، وہ اصل کتاب ہے
الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ	اور بعض متشابہ ہیں جن کے
مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ	دلوں میں کجی ہے وہ متشابہ کے
ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ	پیچھے پڑتے ہیں، فتنہ اٹھانے
اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ	اور اس کے مطلب کو حل کرنے
یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا	کیلئے حالانکہ اس کا حقیقی مطلب
وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔	خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔
	اور جو پختہ علم رکھتے ہیں وہ کہتے
	ہیں ہم اس پر ایمان لائے یہ
	سب خدا کی طرف سے ہے اور
	عقلمندوں کے سوا کوئی عبرت
پھر فرمایا:	نہیں پکڑتا۔
اِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ	جب ان لوگوں کو دیکھو جو متشا
مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ	بہ کے پیچھے پڑتے ہیں تو جان لو کہ

سَمَّى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ۔ دیکھیں جنکا خدا نے نام لیا ہے تو ان سے احتراز کرو۔

اسی بنا پر صحابہ کرام سے اگر کبھی کوئی ایسا فعل سرزد ہوتا جو اس ارشاد کے خلاف ہوتا تو آپ سخت برہم ہوتے، **ترمذی** میں حضرت ابوہریرہؓ سے اور **ابن ماجہ** میں حضرت جد شعیب بن عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ آپ باہر تشریف لائے تو دیکھا کہ کچھ اصحاب ایک حلقۂ مجلس میں بیٹھے ہوئے بحث و نزاع میں مشغول ہیں، فرمایا کس مسئلہ میں گفتگو کر رہے ہو؟ عرض کی مسئلہ تقدیر میں، یہ سنتے ہی آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ راوی کا بیان ہے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ گویا کسی نے چہرۂ مبارک پر انار کے دانے نچوڑ دیئے ہیں، آپ نے فرمایا کیا تم کو اسی کا حکم دیا گیا ہے، کیا تم اسی لئے پیدا کئے گئے ہو، کیا میں یہی پیغام دے کر بھیجا گیا ہوں؟ قرآن کی ایک آیت کو دوسری پر کھینچتے ہو، تم سے پہلے جو قومیں تھیں وہ اسی میں ہلاک ہوئیں، میں تاکید کرتا ہوں کہ اس میں جھگڑا نہ کرو۔

ان احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اسلام عقائد کی وسعت اور ان میں بحث و نزاع کا شائق نہیں، وہ صرف سادہ پیغام اور ایمان و یقین کا طالب ہے جو علی الاعلان وہ تمام دنیا کو سناتا ہے جس کے سمجھنے میں نہ عرب کے بدوؤں اور افریقہ کے حبشیوں کو

حاصل ہے اور نہ یونان کے فلسفیوں اور یورپ کے فلاسفروں کو۔

بخاری میں ہے کہ ایک دفعہ ایک صاحب کو ایک مسلمان غلام آزاد کرنا تھا۔ وہ احمق سی کوئی حبشیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے اور دریافت کیا کہ کیا یہ مسلمان ہے؟ آپ نے اس سے پوچھا کہ خدا کہاں ہے؟ اس نے آسمان کی طرف انگلی اٹھا دی۔ آپ نے ان صاحب سے فرمایا، یہ تو مسلمان ہے۔

اللہ اکبر! اسلام کی حقیقت پر کتنے پردے پڑ گئے ہیں۔ آپ اسلام کے لئے صرف آسمان کی طرف انگلی اٹھا دینا کافی سمجھتے ہیں لیکن ہمارے نزدیک آج کوئی مسلمان، مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک نسفی کے تمام بندھے ہوئے عقائد پر حرفاً حرفاً آمنت نہ کہا جائے۔

جنگ ہفتاد و دو ملت ہمہ را عذر بنہ
چوں ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

پہلی دو نشستوں میں ہم یہ اچھی طرح واضح کر چکے ہیں کہ مذہب کی اصلی اور حقیقی تصویر وہی ہے جو داعی مذہب کے علم و عمل اور اس کی تعلیم و تلقین کا نتیجہ اور مجموعہ عکس ہو۔ پیغمبری ضرورت ہم نے اسی لئے تسلیم کی ہے کہ عقل انسانی زندگی کی عملی تجربوں کے کھوٹے سے عاجز ہے۔ اس لئے رحمتِ الٰہی انسانیت کے ایک بلند ترین پیکر کو روحِ اقدس کے توسط سے انسانوں کی رہنمائی کے لئے بھیجتی ہے

وہ لوگوں کو ہر قسم کے تلقینات سے مشرف کرتا ہے۔ اُن کو اُن کی زندگی کے ہر شعبہ کے لئے تعلیمات دیتا ہے۔ لیکن مافوق الفہم اسرار کے سمجھنے کی حیاتِ انسانی کو حاجت نہیں، اور اس کی عملی زندگی کے لئے اُن کا علم ضروری نہیں، ان کو وہ اسی طرح سربستہ چھوڑ کر آگے بڑھ جاتا ہے اور ان کے متعلق وہ صرف یہ سکھا جاتا ہے۔

وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللهُ وَالرَّاسِخُونَ	اس کی تاویل خدا کے سوا کوئی نہیں
فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ	جانتا اور جو علم میں راسخ اور پختہ
عِنْدِ رَبِّنَا۔	ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان
	لائے یہ سب ہمارے پروردگار
	کی طرف سے ہے۔

اس بنا پر اگر ہم ان اعتقادات اور تعلیمات پر جو پیغمبر نے انسانوں کے لئے ضروری سمجھے، اپنی عقل اور سمجھ سے کچھ اضافہ کرنا چاہتے ہیں، یا کچھ اس میں سے حذف کرنا یا بڑھانا چاہتے ہیں، یا جس گرہ کو جہاں تک اس نے کھول کر چھوڑ دیا ہے ہم اس کو اور کھولنا چاہتے ہیں، تو درحقیقت ہم اصل نبوت کے ثبوت کے دعویٰ کو کمزور کر رہے ہیں اور عملاً ہم بتانا چاہتے ہیں کہ انسانیت کی تکمیل کے لئے پیغمبر کی حاجت نہیں بلکہ خود عقلِ انسانی ہماری رہبری کے لئے کافی ہے، حالانکہ اس کا بطلان ہمارے نزدیک بدیہی الثبوت ہو چکا ہے۔

غور کیجئے کہ مذہب کیا چیز ہے؟ اور اس کی حقیقت کیا ہے؟ انسان کی عملی زندگی کے لئے دو چراغ راہ ہے۔ انسان اور اس کی عملی زندگی کا تعلق تمام تر مادیات سے ہے۔ اس لئے ماوراے مادہ کی نسبت صرف وہیں تک اس کو تعلق ہے جہاں تک انسان کی عملی زندگی کے لئے ضروری ہے۔ ہم اپنے مقصود کو اور زیادہ واضح کرنے کے لئے ذرا تفصیل سے کام لیتے ہیں۔

مذہب میں دو چیزیں ہوتی ہیں۔ عقائد اور اعمال۔ دوسرے الفاظ میں ان کی تعبیر ہو سکتی ہے کہ مذہب علم اور عمل سے مرکب ہے۔

علم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو مادیات سے ماخوذ اور انھیں سے وابستہ ہے اور اس کے متعلق ہم میں بذریعہ مشاہدہ اور تجربہ کے یقین پیدا ہوتا ہے۔ دوسرا وہ علم ہے جس کا تعلق ماوراے مادہ سے ہے اور جس کے جاننے کا ذریعہ صرف تخیل، تصور اور ظن ہے۔ آگ جلاتی ہے" یہ علم مادی ذریعۂ احساس سے ہم کو حاصل ہوا ہے۔ اس لئے ہم کو اس درجہ یقین ہے کہ غلطی سے بھی ہم آگ میں کودنے کی ہمت نہیں کر سکتے۔ لیکن دوسرا علم یہ ہے کہ انسان مرنے کے بعد پھر دوسرا جنم لیتا ہے۔ لیکن اس علم پر اعتماد کر کے کیا کوئی انسان اپنی زندگی کا آپ خاتمہ کر دینے پر تیار ہو گا؟

ہماری زندگی اس عالم مادی سے تعلق رکھتی ہے۔ ہمارے اعمال

اس عالم میں ظہور پذیر ہوتے ہیں، افراد انسانی کی کامیابی اور ناکامی قومیں اور قوموں کی ترقی و تنزل، عروج و زوال، انقلاب و تغیر غرض انسانیت کے جملہ مظاہر اور عالم کے تمام تر نظام ترقی انھیں یقینیات اور علوم قطعیہ پر مبنی ہیں جن کا ماخذ ہمارے حواس ہیں۔ اس بنا پر ان علوم و مسائل اور معلومات کے پیچھے پڑنا اور ان کی گرہ کشائی چاہنا جو ماورائے حواس ہیں، اور جن کے ساتھ ہمارا علم متعلق نہیں ہو سکتا، ہمارے لئے بالکل بے سود اور غیر مفید ہے۔

ہمارا فلسفہ جس کا تعلق ماورائے مادہ سے ہے، علم ظنی ہے سائنس کا اکثر حصہ ہمارے گزشتہ تجربوں اور مشاہدوں کی بنا پر ایک حد تک درجۂ یقینی رکھتا ہے۔ اب دیکھ لیجئے کہ دنیا ان دونوں میں سے کس کی ممنون ہے؟ فلسفہ کی یا سائنس کی؟

یونان کے سب سے پہلے فلسفی **تھالیس** سے لے کر **بیکن** کے عہد تک ڈھائی ہزار برس میں فلسفہ دنیا کے لئے کیا کارآمد ہوا، لیکن سائنس نے دو تین سو برس کے اندر اندر عالم میں ایک انقلاب پیدا کر دیا۔ اس بنا پر غیر مادی اور غیر محسوس اشیاء کی نسبت یہ سوال کہ وہ کیا ہیں؟ اور کیونکر ہیں؟ بالکل بے سود ہے، اور اس کی دلیل، اس سوال کے حل میں انسانی نسلوں کی گزشتہ صدیوں اور قرنوں کی ناکامی ہے۔ اس لئے ہماری بحث و تحقیقات

کا موضوع نفیاً یا اثباتاً غیر محسوس اشیاء نہیں ہو سکتیں،

یہی وہ نکتہ ہے جس کو یورپ نے اب سمجھا ہے، اور جس کو اسلام نے اپنے آغازِ ظہور میں ہی واشگاف کر دیا تھا۔ لیکن افسوس ہے کہ اہل السنت کے سوا اسلام کے اور فرقوں نے اس کو محفوظ نہیں رکھا۔ اور یہی آخر ان کی بے راہ روی کا سبب ہوا، اور اس کا بڑا نقصان یہ پہنچا کہ ہماری خیالی دنیا وسیع ہو گئی مگر عملی دنیا تنگ ہو گئی۔ منطق و فلسفہ کی خیالی و قیاسی بحثوں کی بھول بھلیوں میں پھنس کر تجربی، مادی علوم سے جن کا مدار اشیاء کے خواص و صفات کی معرفت پر ہے ہم بے خبر ہو گئے، اور دشمن ہم سے بازی لے گیا اور عملی و مادی دنیا کی ہر چیز میں ان کے محتاج ہو گئے، یہ عملی نقصان تو عملی اقتصادی حیثیت سے پہنچا۔ اور دین کی حیثیت سے یہ نقصان پہنچا کہ عقائد کی ان عقلی پیچیدگیوں میں الجھ کر اخلاق و عمل میں ہم سست و ناکارہ رہ گئے اور دین و دنیا ہر حیثیت سے ہمارے عملی قویٰ کمزور اور سست ہوتے چلے گئے۔ اس تفصیل سے یہ ظاہر ہو گا کہ اہلِ سُنّت کے مذہب کا مدار اور مبنیٰ یہ دو اصول ہیں،

(۱) داعی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عقائد اور اعمال کے متعلق اپنی اُمت کو جو کچھ تعلیم اور تلقین کی، اس پر استوار رہا جائے یہی صراطِ مستقیم ہے۔

(۲) عقائد یا خدا کی ذات اور صفات کے متعلق قرآن نے جو کچھ بیان کیا یا آپ نے جو کچھ بتایا، اور جس حد تک قرآن نے تشریح کی، صرف اسی پر ایمان لانا واجب ہے، صرف اپنی عقل و قیاس و استنباط سے نصوص کی روشنی کے بغیر اس کی تشریح و تفسیر صحیح نہیں، اور نہ اس پر ایمان لانا اسلام کی صحت کے لئے ضروری ہے، بلکہ ممکن ہے کہ وہ گمراہی اور ضلالت کا موجب ہو۔

اسلام کے تمام فرقے اگر ان دو اصولوں پر قائم رہتے تو یقیناً عقائد کے وہ عظیم الشان اختلافات رونما نہ ہوتے جن کے سیلاب نے ایک مدت مدید سے کاشانۂ اسلام کے ارکان متزلزل کر رکھے ہیں، خوب غور کیجئے۔ گزشتہ مباحث میں ہم نے مختلف فرقوں کے جو مسائل اور معتقدات گنائے ہیں ان کی گمراہی کا سبب صرف یہی ہے کہ انہوں نے ان امور کی تفصیل چاہی جن سے قرآن خاموش تھا اور جن کی تشریح خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ضروری نہیں سمجھی، کہ اول تو وہ ان سربستہ اسرار اور مشکل عقیدوں میں سے ہیں، جن کا حل عقل انسانی کے فہم و ادراک سے باہر ہے اور ثانیاً یہ کہ انسان کی عملی زندگی کے لئے ان کا علم بے سود ہے۔

شریعت نے خدا کے متعلق یہ بتایا ہے کہ وہ ایک ہے، ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، وہ تمام اعلیٰ صفتوں سے متصف ہے، اور

ہر عیب سے پاک ہے۔ اس کے بعد یہ بحث کہ وہ ایک کس حیثیت سے ہے۔ صفات کی مختلف قسمیں ہیں، کون سی صفتیں اس میں پائی جاتی ہیں؟ یہ صفات اس کی ذات میں داخل ہیں یا اس کی ذات سے الگ ہیں اگر الگ ہیں تو قدیم ہیں یا حادث، اگر قدیم ہیں تو تعددِ قدما لازم آتا ہے حالانکہ قدیم صرف ایک ہی ہے، اگر حادث ہو تو خدا محل حادث ہوگا اور محل حادث خود حادث ہوتا ہے۔ اگر الگ نہیں بلکہ ذات میں داخل ہیں تو ذات کا جز ہو کر یا کُل ہو کر، اگر ذات کا جز ہے تو خدا کی ترکیب لازم آتی ہے اور اگر کل ہے تو عین ذات ہوگی، اس لحاظ سے اس کی ذات اور صفات میں سے ایک کی نفی لازم آئے گی اور علم، قدرت، سمع، بصر، ارادہ وغیرہ مختلف صفات مختلف نہیں بلکہ متحد ہو جائیں گی۔

خدا کی نسبت ہاتھ پاؤں، منھ اور قدم کے الفاظ کتاب و سنت میں آئے ہیں۔ ان سے حقیقی معنی مراد ہیں یا مجازی، خدا کی نسبت قرآن میں ہے کہ "وہ عرش پر مستوی ہوا"[1]۔ اور یہ بھی ہے کہ "جدھر منھ کرو اُدھر ہی خدا کا منھ ہے"[2]۔ یہ بھی ہے کہ "وہ تمہاری رگِ گردن سے بھی زیادہ قریب ہے"[3] تو آیا وہ کسی خاص جگہ میں ہے یا جگہ سے مبرا ہے

---

[1] اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ نے اس کا ترجمہ کیا "وہ عرش پر جا براجا"۔ [2] اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ [3] نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ۔

پہلی صورت میں اس کا جسم ہونا لازم آتا ہے، اور دوسری صورت میں کسی خارجی موجود کی نسبت یہ کہنا کہ وہ ہر جگہ موجود ہے، سمجھ میں آنے والی بات نہیں ہے۔

احادیث صحیحہ میں ہے کہ قیامت میں خدا بہشت میں بہشتیوں کو نظر آئے گا۔ اب اس پر یہ بحث کہ اگر یہ تسلیم کر لیں گے تو لازم آئے گا کہ وہ جسم ہو، کسی خاص جگہ میں ہو، اور اگر نظر آنا تسلیم کریں تو انھیں آنکھوں سے وہ رویت ہوگی، یا کسی اور جدید حاسہ سے۔ ان آنکھوں سے نظر آنا، خدا کے لئے جسم، رنگ، تحدید، تعیین وغیرہ کو مستلزم اور آخری صورت میں موجودہ ذرائع احساس کے علاوہ کسی اور ذریعے احساس کا اعتقاد فہم سے بالاتر ہے۔

شریعت میں اس قدر ہے کہ خدا نے عالم کو پیدا کیا اور وہ اس کا مخلوق ہے۔ اس کے بعد یہ مباحث کہ خداوند تعالیٰ اس کی علت کامل ہے یا ناقص، اگر علت ناقص یعنی غیر تامہ ہے تو عالم کی خالقیت کے لئے کسی اور شے کی شرکت بھی لازم آتی ہے اور اگر علت کاملہ یعنی تامہ ہے تو علت تامہ اور معلول کا وجود ساتھ ساتھ ہوتا ہے اس بنا پر عالم کو بھی قدیم ہونا چاہئے۔

قرآن نے بتایا ہے کہ بندوں کے تمام افعال خدا کے حکم سے ہوتے ہیں۔ اس کے بعد یہ سوالات کہ اس کا حکم ہی فعل کے وجود کا سبب

مجبور ہے یا بندہ کے فعل کو بھی دخل ہوتا ہے۔ اگر دخل نہیں تو بندہ کو مجبور محض کہنا ہوگا۔ اگر دخل ہے تو یہ دخل موثر ہے یا غیر موثر۔ اگر موثر ہے تو درحقیقت وہ اپنے فعل کا آپ خالق ہوا۔ اور اگر غیر موثر ہے تو دوسرے معنی میں جبر ہے۔

یہ تمام مذکورہ بالا مسائل اور ان کی جو تشقیقیں کی گئی ہیں وہ نفیاً یا اثباتاً کسی نہ کسی فرقہ کا معتقد علیہ اور مسلک ہیں۔ لیکن آپ نے دیکھا کہ عقلی توہم پرستی کے اختراعات سے ان میں سے کوئی شق بھی بری نہیں۔ یہ اختراعات یا لوازم مستحیلہ، یا عقلی سرگردانیاں کیوں پیدا ہوئیں، اس لئے کہ ہم قرآن کی تلقینات پر قناعت نہیں کرتے، اور ان امور کی تشریح چاہتے ہیں، جن کی تشریح سے عقل انسانی عاجز ہے، اور ہماری عملی زندگی کے لئے وہ غیر ضروری ہیں۔

اگر ہم اپنے معتقدات کے احاطہ کو اس دائرہ کے اندر کرلیں جس کو وحی الٰہی کے پرکار نے سطح اسلام پر کھینچا ہے تو یہ حصار ہمارے لئے یقیناً تعویذ زریں کا کام دے گا، اور ہم ان بہت سے ٹھوکروں اور غلطیوں سے محفوظ ہو جائیں گے، جو قرآن کی تصریحات کے سبب نہیں، بلکہ خود ہمارے عقلی تفصیلات کے باعث ہم پر عائد ہوتے ہیں، اور غلطی سے ہم ان کا مستوجب اپنے مذہب کو قرار دیتے ہیں، بہت سے فرق اسلامیہ سے بڑی مسامحت ہوئی

کہ عقل اور فلسفہ نے جس امر کے متعلق بھی کوئی جواب چاہا انھوں نے اپنے ناخنِ تدبیر سے اس کو حل کیا۔ اور نفیاً یا اثباتاً اس کو داخلِ مذہب کر لیا، یہاں تک کہ خالص فلسفیانہ مسائل جن کو مذہب سے ایک ذرہ تعلق نہیں، مثلاً جزءُ الذی لا یتجزیٰ کی بحث، طفرہ کا مسئلہ، رویت کے اسباب، استطاعت مع الفعل کی بحث وغیرہ اس کو بھی انھوں نے عقائد کی کتابوں میں داخل کر لیا ہے اگر آج ہمارے عقائد کی کتابوں کی چھان بین کی جائے تو نصف سے زیادہ اوراق انھیں مباحث سے بھرے ملیں گے۔

یہ صحیح ہے کہ متکلمین نے عقائد صحیحہ پر جو شکوک و شبہات مدعیانِ عقل کی طرف سے عائد ہوئے ان کے جواب کی خاطر ان مسائل میں بحث کی، اور بعض پہلوؤں کی تصریح پر وہ مجبور ہوئے اور اس طرح علم کلام کا یہ سارا دفتر وجود میں آیا، اور اس لئے بھی یہ کوششیں کیں کہ فرقِ ضالہ کے آرائے باطلہ سے مسلمانوں کو بچائیں، اور یہ کوششیں ان کی مشکور ہوئیں، مگر اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام کے سیدھے سادے عقائد میں الجھنیں بھی پیدا ہو گئیں۔

الغرض اہل السنۃ نے جو صراطِ مستقیم اختیار کیا وہی درحقیقت اس طوفانِ افکار اور طغیانِ خیالات کی حالت میں سفینۂ نوح ہو سکتا تھا، لیکن دو تین سو برس کے بعد تیسری چوتھی صدی میں

جب مسلمانوں میں فلسفہ نے عروج حاصل کر لیا، اور ممالک اسلامیہ کے در و دیوار سے اس آواز کی بازگشت آنے لگی، تو خود اہل السنۃ میں سے چند افراد اٹھے، اور قدیم شاہراہ کو چھوڑ کر انھوں نے اہل السنۃ اور دیگر فرقوں کے درمیان ایک نیا راستہ پیدا کیا، اور عقل و نقل اور فلسفہ و سنت کے درمیان ایک متذبذب صورت کو اپنا مسلک قرار دیا، انھوں نے یہ سمجھا کہ اس طریقہ سے وہ عقل و نقل اور فلسفہ و شریعت کی تطبیق میں نہ تو معتزلہ کی طرح قرآن و سنت سے دور پڑ جائیں گے، اور نہ ارباب ظواہر کی طرح اہل فلسفہ کے نشانۂ اعتراضات بنیں گے، لیکن نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے یہ مسائل نہ تو اصل قرآن و سنت کے مطابق رہے اور نہ عقل و فلسفہ کے دربار ہی میں وہ رسوخ پا سکے۔

مثلاً ایک طرف تو انھوں نے معتزلہ کے ساتھ ہو کر خدا کے لئے اعضاء کے اطلاق سے انکار کیا، اور ان آیتوں میں جن میں خدا تعالیٰ کے ہاتھ اور منہ کا ذکر ہے تاویل کی، اور دوسری طرف ظاہریہ کے ساتھ خدا کی رویت کا اقرار کیا، نتیجہ یہ ہوا کہ نہ وہ اہل السنۃ کا ساتھ دے سکے، اور نہ اہل فلسفہ کی حمایت برقرار رہ سکی، ان کو جہت و سمت کا انکار کرنا پڑا کہ رویت کے لئے مرئی کا جسم ہونا، متحیز ہونا، ذی جہت ہونا، آنکھ کے سامنے ہونا، اس سے ایک مسافت پر ہونا،

ضروری نہیں۔ ایک دوسرے مسئلہ میں یعنی مسئلہ جبر و قدر میں، انھوں نے اسی قسم کا توسط اختیار کیا۔ ایک طرف تو یہ کہہ دیا کہ تمام افعال کا خالق خدا ہے، یہ کہہ کر گویا اپنے کو معتزلہ اور قدریہ سے الگ کیا، دوسری طرف انسان کے لئے کسب ثابت کیا کہ جبر نہ لازم آئے۔ لیکن جب یہ سوال کیا گیا کہ کیا یہ کسب فعل کے وجود میں موثر بھی ہے؟ تو جواب نفی میں دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ جبریت سے قریب ہو گئے جیسا کہ ہر صاحب نظر کو تفسیر کبیر میں امام رازی کا انداز نظر آتا ہے۔

جس طرح اسلام میں بہت سے ایسے فرقے ہیں جو درحقیقت دائرہ اسلام میں داخل نہیں، اسی طرح بہت سے ایسے فرقے بھی ہیں جو خود کو اہل السنۃ کہتے ہیں لیکن حقیقۃً وہ ان میں سے نہیں ہیں۔ سبب یہ ہے کہ قدمائے اہل السنۃ نے جو اصول قرار دیئے تھے، بعد کے عقل پرستوں کے اعتراضات سے مرعوب ہو کر متاخرین نے ان میں تبدیلی کر دی، اور بایں ہمہ وہ اپنے کو اہل سنت سمجھتے ہیں، بلکہ لفظاً اہل السنۃ کا حق بجانب صرف اپنے کو ہی جانتے ہیں۔

تیسری چوتھی صدی سے اہل السنۃ تین عظیم الشان شاخوں میں منقسم ہو گیا:

اشاعرہ، حنابلہ اور ماتریدیہ: اشاعرہ امام ابوالحسن اشعری کی طرف منسوب ہیں، اور امام شافعی کے [illegible] کے شارح

سمجھے جاتے ہیں، اس لئے تمام شوافع اشعری ہیں، حنابلہ اپنے کو احمد بن حنبلؒ کا پیرو کہتے ہیں، ماتریدیہ امام ابو منصور ماتریدی کے پیرو ہیں، جو بچند واسطہ امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد تھے، اس لئے احناف نے عقائد میں ان کو اپنا امام مانا، بہرحال ان بزرگوں کے باب میں جو اقوال ملتے ہیں وہ قدماء اہل السنۃ اور سلف صالح کے مطابق ہیں، لیکن متاخرین اہل السنت سے بڑی مسامحت یہ ہوئی کہ اُن مسائل کے متعلق جن سے شریعت خاموش تھی، اُن کو حوالۂ علم الٰہی کرنے کے بجائے ان کی نسبت دیگر فرقوں کی طرح ادعائی پہلو اختیار کیا، اور بہت سے فلسفیانہ مسائل کو جن کو شریعت سے اصلاً تعلق نہ تھا ان کو داخل عقائد کر دیا۔

ان تصریحات سے واضح ہوگا کہ تارکین سنت اور متاخرین اہل سنت جنہوں نے معتزلہ اور دیگر عقل پرست فرقوں سے مرعوب ہو کر قدماء اہل سنت کے اصول میں ترمیم کی، اور اپنے مذہب کو قواعد عقلی کے مطابق بنانے کی کوشش کی، نتیجہ کی رو سے ان دونوں میں بہت ہی کم فرق ہے، اور درحقیقت ان متاخرین کے اقوال کو سلف صالح اور اہل سنت کے عقائد اور خیالات سے کوئی واسطہ نہیں ہے، اور اگر ہے تو صرف اسی قدر جس قدر وہ کتاب وسنت سے قریب ہیں۔

جب ایک مسئلہ سے متعلق شریعت نے کچھ نہیں بتایا اور نہ اس کا جاننا اور اس کی اپنی عقل سے تفصیل کرنا مدار ایمان ٹھہرایا۔ اور نہ کسی حیثیت سے داعی اسلام نے اپنے مومنین سے اس پر ایمان لانے کا مطالبہ کیا۔ اس کے متعلق آپ کا نفیاً یا اثباتاً کوئی بھی پہلو قضیا کرنا اور اس کو اسلام کا مسئلہ قرار دینا کیا حقیقت رکھتی ہے؟ کیا اس بارہ میں آپ کی عقل دوسرے لوگوں کے عقل کے مقابلہ میں کچھ زیادہ مستحکم ہو کر اگر ان گرہوں کے کھولنے کے لئے آپ کی عقل پہنچ سکتی ہے تو آپ آگے بھی بڑھ سکتے ہیں۔ ونعوذ باللہ پیغمبروں کی آمد و بعثت سے بھی اپنے کو مستغنی بتا سکتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر تقریباً ایک لاکھ نفوس قدسیہ نے ایمان و اسلام کی بیعت کی۔ لیکن کیا آپ کو وہ دفعات نامعلوم ہیں جن پر اُن کے ایمان اور اسلام کی بنا تھی کیا آپ کے پیدا کردہ مسائل کلامی میں سے ایک بھی اُن کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔ اگر نہیں تو اپنے خود ساختہ اصول کی حیثیت سے نعوذ باللہ آپ اُن کو کیا کہیں گے۔ اُن کا ایمان صرف یہ تھا جس کو سورۂ بقرہ کے اوّل و آخر میں بیان کیا گیا ہے:

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ	پیغمبر جو کچھ اُس پر اس کے خدا
رَّبِّہٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللہِ	کی طرف سے اترا اس پر ایمان لایا

وَمَلٰئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ لَا	اور مومنین سب ہر ایک خدا پر
نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ (بقرہ)	ایمان لایا اس کے فرشتوں پر
یُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَا	اس کی کتابوں پر اس کے تمام
اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ	پیغمبروں پر ہم تمام پیغمبروں میں
یُوْقِنُوْنَ (بقرہ ع۱)	سے کسی میں تفریق نہیں کرتے۔
	متقی لوگ جو تجھ پر اترا اور
	تیرے پہلوں پر اترا ایمان لاتے
	ہیں اور آخرت پر بھی ایمان
	رکھتے ہیں۔

اس قسم کی اور بہت سی آیتیں ہیں جن میں خدا نے بتایا ہے کہ کن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔ جب کوئی شخص قرآن پر ایمان لایا تو اس کے اندر جو کچھ ہے اجمالاً یا تفصیلاً ان سب پر ایمان لایا۔ خدا کے جو صفات اس کتاب میں مذکور ہیں۔ کتب الٰہی ملائکہ اور پیغمبروں کے متعلق اس میں جو کچھ ہے۔ قیامت، حشر و نشر، دوزخ و بہشت کی نسبت جو خیالات اس میں مذکور ہیں یہ تمام چیزیں اس کے اندر داخل ہو گئیں۔ چنانچہ قدمائے اہل سنت اور سلف صالح کا اعتقاد یہی تھا کہ ان میں سے ہر چیز پر ایمان اسی حیثیت سے اور اسی حد تک ضروری ہے جیسا کہ قرآن مجید

نے اس کو مطالبہ کیا ہے۔ یا جہاں تک سنت نبوی اور تواتر سے ثابت کر دیا ہے۔ کیونکہ یہ محقق طور سے ثابت ہے کہ عقائد کا ثبوت صرف قرآن مجید سے ہو سکتا ہے۔ اور احادیث میں سے صرف اُن حدیثوں سے جو بدرجۂ تواتر مروی ہیں۔ ۃ (شب آخر گشت و افسانہ ما [illegible])

قدماء کے نزدیک اہل سنت کے معنی

کل کی نشست میں ہم نے بتایا تھا۔ قدماء کے اہل السنۃ کے یہ دو اصول تھے۔

(۱) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عقائد و اعمال کے متعلق جو امت کو جو کچھ تعلیم و تلقین فرما گئے اس پر ایک ذرہ کا اضافہ یا اس سے ایک ذرہ کی کمی نہیں ہو سکتی۔

(۲) خدا کی ذات و صفات و دیگر عقائد کے متعلق قرآن نے جو بیان کیا ہے یا آنحضرت سے جو کچھ ثابت ہے، اور ان کی نسبت اجمالاً یا تفصیلاً جو کچھ اور جس حد تک انہوں نے تفسیر و تشریح کی ہے اسی پر ایمان لانا واجب ہے۔ یہ عقل و قیاس اور استنباط سے ان کی تفسیر و تشریح کرنی ٹھیک نہیں، اور نہ اس پر ایمان لانا ایمان کا جزو ہو سکتا ہے۔

یہ دو اصول ایسے ہیں جن کے اثبات کے لئے کسی مزید دلیل کی حاجت نہیں کیونکہ جیسا ہم اس سے پہلے بتا چکے ہیں۔ یہ امر ایسے

مسائل ہیں جن کی نسبت عقل کا نفیاً یا اثباتاً ہر قسم کا فیصلہ قابل ہی ناک ہے کہ یہ حدود اس کی دسترس سے باہر ہیں، اور اسی لئے ہم کو ایک پیغمبر کی ضرورت ہے، جو ہماری عقل کی دسترس سے باہر کی چیزوں کو ہمارے حق میں جہاں تک مفید و نافع ہو تعلیم دے، اور جب یہ مقدمہ صحیح ہے تو ان مسائل کی خالص عقل کی رو سے تفسیر یا اضافہ یا اسقاط درحقیقت اپنے پہلے دعویٰ کا ابطال ہے۔

لیکن اس قیاس کو چھوڑ کر ہم کو قرآن و سنت سے ان اصولوں کی صحت ثابت کرنی چاہئے، اس کے لئے ہم اپنے دوستوں کو اپنی پہلی اور دوسری نشست کی تقریریں یاد دلاتے ہیں جن میں قرآن و سنت سے اس اصول کو ثابت کیا گیا ہے، آج کے جلسہ میں ائمہ سلف اور قدمائے اہل السنۃ کے اقوال سے دکھانا ہے کہ ان ردی فرقوں کے پیدا ہونے سے پہلے اہل السنۃ کے کیا معنی تھے۔

امام مالک بن انس اہل السنۃ کا عقیدہ بتاتے ہیں۔

الکلام فی الدین اکرھہ ولم یزل	عقائد میں گفتگو کرنا ناپسند کرتا
اھل بلدنا یکرھونہ وینھون عنہ	ہوں، اور ہمیشہ ہمارے شہر
نحو الکلام فی رای جہم والقدر وما	(مدینہ) کے علماء اس کو ناپسند
اشبہ ذلک ولا احب الکلام	کرتے رہے ہیں، اور اس سے

الّا فیما تحتہ عملٌ فاما الکلام فی	روکتے رہے ہیں، مثلاً جہم کی
دین اللہ وفی اللہ عزوجل فالسکوت	رائے اور قدر میں گفتگو کرنا
احبّ الیّ لانی رأیت اهل بلدنا	میں بحث و مباحثہ ان امور
ینهون عن الکلام فی الدین الّا فیما	میں ناپسند کرتا ہوں جن کے
تحتہ عملٌ.	تحت میں کوئی عمل نہ ہو،
(جامع بیان العلم ابن عبدالبر)	لیکن خدا کے عقائد اور خود
	خدا کی ذات میں سکوت
	میرے نزدیک پسندیدہ ہے
	کیونکہ ہم نے اپنے شہر کے علماء
	کو دیکھا ہے کہ عقائد میں
	گفتگو کرنے سے روکتے تھے
	اور ان امور میں کرتے تھے جن
	کو عمل سے تعلق ہو۔

امام موصوف نے نہ صرف یہ اپنا اصول بتایا، بلکہ اپنے تمام پیشروؤں کا طریقہ بھی بتایا اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ سلف کی زندگی کی اصلی روش، عمل تھا تخیل نہیں، وہ صرف ان امور میں گفتگو کرتے تھے جن پر عملاً بھی ہم کو کاربند ہونا ہے۔

امام بخاریؒ خلق افعال العباد میں سلف صالحین کا مذہب

لکھتے ہیں۔

وانهم كرهوا البحث والتنقيب عن الاشياء التي وصفت وتجنبوا اهل الكلام والخوض والتنازع الا فيما جاء فيه العلم او بينه رسول الله صلى الله عليه وسلم

انہوں نے ان مشکل مسائل میں بحث و گفتگو کرنا ناپسند کیا اور جو لوگ ان میں گفتگو غور اور تنازع کرتے تھے ان سے پرہیز کیا، لیکن جن مسائل میں علم (خدا کی طرف سے) آیا ہے یا آنحضرت صلعم نے اس کو بیان کر دیا ہے، اس میں انھوں نے غور و فکر اور بحث کی۔

امام ترمذی ائمہ سنت کا اصول بتاتے ہیں۔

والمذهب في هذا عند اهل العلم من الائمة مثل سفيان الثوري ومالك بن انس وسفيان بن عيينة وابن المبارك ووكيع وغيرهم انهم رووا هذه الاشياء وقالوا تروى هذه الاحاديث

ائمہ اہل علم جیسے سفیان ثوری، مالک بن انس، سفیان بن عیینہ، عبد اللہ بن مبارک اور وکیع وغیرہ کا اس بارے میں مذہب یہ تھا کہ انہوں نے ان چیزوں کی روایت کی

ونؤمن بها ولا يقال كيف، و هذا الذي اختاره اهل الحديث ان يرووا هذه الاشياء كما جاءت ويؤمن بها ولا تفسر ولا يتوهم ولا يقال كيف و هذا امر اهل العلم الذي اختاروه وذهبوا اليه،

اور کہا ہم ان حدیثوں کی روایت کرتے ہیں، اور ان پر ایمان رکھتے ہیں، اور یہ نہیں کہا جائے کہ یہ کیوں کر ہے، اور اسی مذہب کو اہلحدیث نے اختیار کیا ہے کہ ان باتوں کی روایت کریں جس طرح وہ آئی ہیں، اور ان پر ایمان رکھا جائے اور ان کی تفسیر نہ کی جائے اور نہ وہم کیا جائے اہل علم کا یہی مذہب ہے، اور اسی کو پسند کیا ہے،

محدث ابن عبدالبر فرماتے اہل سنت کا مسلک بتاتے ہیں

لان الله عز وجل لا يوصف عند الجماعة اهل السنة الا بما وصف به نفسه او وصفه به رسوله او اجمعت الامة عليه وليس كمثله شيء فيدرك بقياس

اس لئے کہ خدائے پاک کا وصف جماعت یعنی اہل السنۃ کے نزدیک وہی ہو سکتا ہے جس کو خود خدا نے بیان کیا ہے یا اس کے رسول نے یا تمام

واجمعت الصحابة على المنع من التفكر	امت نے اس پر اجماع کیا
فی اللہ و معرفتہ بالتفکر فی خلقہ	ہے، خدا کی شکل کوئی شے تو
الدال علیہ ،	نہیں پھر قیاس یا غور و فکر
اتحاف السادۃ [illegible] ص ۱۵ [illegible]	سے وہ کیونکر دریافت کیا جا
	سکتا ہے، ہم کو خدا کی ذات
	میں فکر کرنے سے منع کیا گیا ہے
	اور اسکی مخلوقات و مصنوعات
	میں غور و فکر کا حکم دیا گیا ہے جو
	خدا کے وجود اور ہستی پر دال ہیں

امام بیہقی علمائے سنت کا متفق علیہ اصول بتاتے ہیں،

فاما الاستواء فالمتقدمون	لیکن عرش پر برابر ہونا، تو
من اصحابنا رضی اللہ عنہم	قدماء ہمارے اہل سنت اسکی تفسیر
کانوا لا یفسرونہ ولا یتکلمون	نہیں کرتے تھے، اور نہ اس میں
فیہ کنحو مذہبہم فی امثال ذالک	بحث کرتے تھے، جیسا کہ ان
کتاب الاسماء والصفات	کا مذہب اس قسم کے اور
	مسائل میں بھی ہے،

دار قطنی میں نہشل خراسانی کی روایت سے ایک حدیث

علامہ ذہبی کتاب العلو میں نہشل کو ضعیف راوی کہتے ہیں لیکن یہ حدیث آنحضرت صلعم کی نہ ہو لیکن کم از کم اس سے اسکے زمانہ کا حال معلوم ہوتا ہے، وہ یہ ہے، [illegible] تھا۔

ہے کہ مکہ معظمہ کی مسجد خیف میں ضحاک بن مزاحم، حسن بن ابی الحسن طاؤس یمنی، مکحول شامی، عمرو بن دینار مکی جو اپنے اپنے خطے کے امام اور مشہور محدث اور تابعی تھے جمع ہوئے اور قدر میں گفتگوئیں شروع ہوئیں، طاؤس جو سب میں مقبول تھے بولے، ذرا آپ لوگ چپ رہئے تو میں حضرت ابو درداء کی حدیث آپ کو سناؤں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

ان اللہ افترض علیکم فرائض	خدا نے چند باتیں فرض کی ہیں
فلا تضیعوھا، وحد لکم حدودا	ان کو ضائع نہ کرو اور تمہارے
فلا تعتدوھا ونھاکم عن اشیاء	لئے کچھ حدود قائم کر دیئے ہیں
فلا تنتھکوھا، وسکت عن اشیاء	ان سے تجاوز نہ کرو، اور چند
من غیر نسیان فلا تکلفوھا رحمۃ	باتوں سے منع کیا ہے ان سے
من ربکم فاقبلوھا،	باز رہو، اور بغیر بھول چوک
	کے بعض باتوں سے وہ خاموش
	رہا اُن میں زبردستی کرنے
	کی کوشش نہ کرو، خدا نے اپنی
	رحمت سے ایسا کیا تو اس کو
	قبول کرو۔

حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اس موقع پر جو تقریر کی ہے وہ

سننے کے قابل ہے، فرماتے ہیں،

ان مسائل میں تاویل کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہ کسی صحابی سے صحیح طریقہ سے مروی ہے، اور نہ اس بات کی ممانعت آئی ہے کہ ان مسائل کو بیان نہ کیا جائے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کی طرف سے حکم تھا کہ جو کچھ تم پر نازل ہو وہ لوگوں کو پہنچا دو، یہ بھی خدا نے فرما دیا کہ الیوم اکملت لکم دینکم "آج اے مسلمانو! میں نے تمہارا دین کامل کر دیا" اور باوجود اس کے آپ ان مسائل کا ذکر نہ فرمائیں، یہ محال ہے اور اس کی تمیز نہ ہو سکے کہ خدا کی طرف کن صفات کی نسبت ہو سکتی ہے اور کن کی نہیں ہو سکتی، حالانکہ آپ نے تمام صحابہ کو تاکید فرما دی تھی کہ جو لوگ آپ کے سامنے موجود ہوں وہ آپ کے احکام ان لوگوں تک پہنچا دیں جو موجود نہیں، یہاں تک کہ اسی بنا پر آپ کی ایک ایک بات، ایک ایک کام، ایک ایک حالت، اور ایک ایک واقعہ جو آپ کے سامنے ہوا، اس کو بیان کر دیا، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کا اس امر پر اتفاق تھا کہ ایمان اسی طرح لانا چاہئے جس

طرح خدا چاہتا ہے"۔

حافظ صاحب کا مقصود یہ ہے کہ خدا نے اپنے دین کے متعلق جو کچھ کہنا تھا وہ اپنے پیغمبر کی زبانی انسانوں تک پہنچا دیا، صحابہؓ نے آپؐ سے جو کچھ سنا وہ اپنے بعد والوں تک پہنچا دیا، یہ مسائل اگر مذہب میں داخل ہوتے تو ضرور ان کی تعلیم ہوتی۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ حجۃ اللہ میں فرماتے ہیں:-

"خدا اس سے بالاتر ہے کہ وہ عقل یا حواس سے دریافت ہو سکے یا اس میں صفتیں اس طرح موجود ہوں کہ جس طرح عوارض جوہر میں ہو کر پائے جاتے ہیں، یا وہ اس طرح ہوں جن کو عام عقلیں ادراک کر سکیں، یا متعارف الفاظ ان کو ادا کر سکیں، بایں ہمہ یہ بھی ضروری ہے کہ لوگوں کو بتا بھی دیئے جائیں تاکہ جہاں تک انسانیت کی تکمیل ہو سکتی ہے ہو جائے، ایسی حالت میں اس سے چارہ نہیں کہ ان صفتوں کا استعمال ان معنوں میں کیا جائے کہ ان کے نتائج اور لوازم سمجھ لئے جائیں، مثلاً ہم خدا کے لئے" رحمت "ثابت کرتے ہیں اس سے مقصود احسانات کا فیضان ہے، دل کی خاص کیفیت نہیں (جو انسانوں میں پائی جاتی ہے)

اسی طریقے سے خدا کی وسعتِ قدرت کے اظہار کے لئے مجبوراً ہم کو وہ الفاظ استعارۃً استعمال کرنے پڑیں گے جو انسانوں کی قدرت و قوت کے لئے بولے جاتے ہیں۔ کیونکہ ان معانی کے ادا کرنے کے لئے ہمارے پاس اس سے بہتر الفاظ نہیں۔ اور اسی طرح تشبیہاً بہت سے الفاظ بولے جائیں گے، لیکن اس شرط کے ساتھ کہ ان سے حقیقی معنی مراد نہ ہوں بلکہ وہ معانی جو خدا کی ذات کے لائق اور مناسب ہیں۔ تمام آسمانی مذہب کا اس پر اتفاق ہے کہ صفات اسی طرح پر بولے گئے ہیں اور اس پر کہ یہ الفاظ اسی طرح بولے جائیں، اور اس کے علاوہ کوئی اور بحث و کاوش نہ کی جائے۔ وہی مذہب اس زمانہ کا تھا جس کی خیر و برکت کی شہادت دی گئی ہے (یعنی تبع تابعین کے عہد تک) اس کے بعد کچھ ایسے لوگ مسلمانوں میں پیدا ہو گئے جنہوں نے بغیر کسی نص قطعی اور دلیل مستحکم کے ان مسائل میں فکر و کاوش شروع کر دی۔"

شاہ صاحب اپنے وصایا میں جو فارسی زبان میں ایک رسالہ ہے لکھتے ہیں:-

"اول وصیت ایں فقیر چنگ زدن است بکتاب و سنت در اعتقاد و عمل، پیوستہ بتدبر ہر دو مشغول شدن و در عقائد مذہب قدمائے اہل سنت اختیار کردن و از تفصیل و تفتیش آنچہ سلف تفتیش نکردند اعراض نمودن و بہ تشکیکات خام معقولیان التفات نکردن۔"

شاہ صاحبؒ اپنے رسالہ تاویل الاحادیث میں فرماتے ہیں۔

ثم نشأ ناس من بعد یسمون انفسہم اہل السنۃ و لیسوا منہم بمراحل، فتکلفوا ما لا یعنیہم، ولم یات بہ نبیہم فیا لہم من مصیبۃ عمت فدہت والله المستعان۔

اسکے بعد کچھ لوگ پیدا ہوئے جو اپنے کو اہل سنت کہتے ہیں حالانکہ سنت ان سے کئی مراحل دور ہے تو انہوں نے اس میں تکلیف سے بات کی جس کی ضرورت نہ تھی، اور نہ جس کو ان کے رسول لیکر آئے تھے تو ہائے وہ مصیبت جو ہر طرف میں پھیل گئی اور سب پر چھا گیا۔

پھر رسالہ کے آخر میں فرماتے ہیں:

ولا يذهب عليك ان	تم سے یہ مخفی نہ رہے کہ اس
الطريق المستقيم في هذه	مسئلہ میں اس قبیل کے تشبیہات
المسئلة وما يشبهها من	کے دوسرے مسئلوں میں جیسے
التشبيهات كاليد	اللہ تعالیٰ کے لئے ہاتھ اور
والرجل ونحو المعاديات	پاؤں کا استعمال، اور قیامت
وغيرها ان يمرها	ومعاد وغیرہ کے مسئلوں میں
الانسان على ظواهرها	صحیح اور سیدھا طریقہ یہ ہے
ولا يشتغل بكيفية	کہ انسان ان کو ان کے ظاہر
وجودها، ويعتقد	مطلب پر رکھے، اور ان کے
في الجدان ما اراد الله	وجود کی کیفیت سے بحث
ورسوله حق ولا يقول	نہ کرے، اور مجملاً یہ عقیدہ رکھے
هذا ولم يرد هذا، و	کہ ان سے اللہ اور رسول کی
نحو ذلك، ولذلك	جو مراد ہے وہ حق ہے، اور نہ
ترى النبي صلى الله عليه	کہے کہ یہ مراد ہے اور یہ مراد
وسلم ولا اصحابه	نہیں ہے اور نہ اس قسم کی
ولا التابعين لهم	باتیں کریں، ہم دیکھتے ہیں کہ
باحسان يشتغلون	نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ نے
بشيء من ذالك وانما	اور نہ تابعین نے ان میں سے

حتیٰ لا اشتغال به	کسی چیز سے بحث نہ ہوئی
من المعتزلة حین	یہ بحث و مباحثہ اوّل معتزلہ
استرقوا من الفلاسفة	نے شروع کیا جب انہوں نے
واسترق اهل السنة	فلسفیوں سے ان باتوں کو
من المعتزلة، فدخل	چرایا اور اہل سنت نے ان
فیهم ایضاً۔	کو معتزلہ سے چرایا، تو یہ چیز ان
	کے اندر بھی داخل ہو گئی۔

اب ہم کو اپنے بیان کردہ گزشتہ اصول کلیہ کو جزئی مسئلوں میں دکھا کر ثابت کرنا ہے کہ قدمائے اہل سنت اور اس عہد کے اعتقادات ان مسائل میں کیا تھے، جن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر و برکت کا زمانہ فرمایا ہے،

مسئلہ تقدیر یا جبر و قدر اعتقادیات میں سب سے پہلے اسی مسئلہ میں گفتگو پیدا ہوئی، یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا جواب نہ صرف مذہب بلکہ فلسفہ کی زبان سے بھی مشکل ہے۔ یہ نہ صرف اسلام کا مسئلہ ہے بلکہ دنیا کا کوئی مذہب اس سے خالی نہیں، اور درحقیقت مذہب کی روح اسی محیر العقول معمّہ کے اندر پوشیدہ ہے، اس کو جواب نفیاً یا اثباتاً دینا مذہب پر ایک خطرناک حملہ ہے،

احادیث میں ہے کہ ایک دفعہ آپ باہر تشریف لائے، دیکھا کہ کچھ اصحاب بیٹھے گفتگو کر رہے ہیں، دریافت فرمایا کہ کس مسئلہ پر گفتگو کر رہے ہو، عرض کی مسئلہ قدر پر، یہ سنکر آپ اس قدر برافروختہ ہوئے کہ چہرہ سرخ ہو گیا، راوی کا بیان ہے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے روئے مبارک پر انار کے دانے نچوڑ دیئے ہیں، اور فرمایا تم سے پہلی قومیں اسی میں ہلاک ہو گئیں ہیں، تاکید کرتا ہوں کہ اس میں جھگڑا نہ کرو۔[1]

حضرت قاسم بن محمدؒ حضرت صدیق اکبرؓ کے پوتے، اور مدینہ کے دار الفقہ کے رکن اعظم تھے، ایک دفعہ دیکھا کہ کچھ لوگ بیٹھے ہوئے مسئلہ قدر میں گفتگو کر رہے ہیں فرمایا۔

كُفُّوا عَمَّا كَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ[2] جس سے اللہ تعالیٰ خاموش رہا
تم بھی خاموش رہو۔

بس اب یہ عقیدہ کافی ہے کہ جو کچھ ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے علم ازلی میں ہے، اور اس کی مشیت سے ہوتا ہے۔

صفات: اللہ تعالیٰ کے صفات اور اسماء حسنیٰ کے متعلق صحیح راستہ یہ ہے کہ قرآن پاک نے صفات کے دو اصول بتائے ہیں، ایک تو یہ کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے صفات بیان کئے ہیں۔

---

[1] ترمذی، قدر، حدیث غریب [2] ابن سعد جز مدینہ، تذکرہ قاسم بن محمد۔

سمیع (سننے والا) اور بصیر (دیکھنے والا) وغیرہ صفات اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کئے ہیں، اس لئے وہ ان صفات حسنہ کا یہ وصف ہے اور وہ صفات اس کیلئے ثابت ہیں، دوسرا اصول یہ ہے کہ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ (اس کی مثل کوئی چیز نہیں) اس لئے ان صفات کی صورت اللہ تعالیٰ میں ایسی نہیں جو بندوں کی صفات کے مثل ہو۔ لَا سَمْعٌ كَسَمْعِنَا. وَلَا بَصَرٌ كَبَصَرِنَا. وہ سنتا ہے مگر ہمارے سننے کی طرح نہیں، وہ دیکھتا ہے مگر ہمارے دیکھنے کی طرح نہیں، بلکہ وہ اس طرح سنتا اور دیکھتا ہے جو اس کی شان عالی کے لائق ہے۔ اس کی کوئی صفت بندہ میں نہیں پائی جاتی، ورنہ بندہ کی کوئی صفت اس میں پائی جاتی ہے، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ، اللہ تعالیٰ پاک ہے اس سے جس کو مشرک اللہ میں شریک بتاتے ہیں۔

قرآن کو حادث، قدیم یا مخلوق و غیر مخلوق کہنا محمد رسول اللہ کے معتقدات کی فہرست میں داخل نہ تھا: اسلام کی دعوت صرف یہ ہے کہ قرآن خدا کا کلام ہے، اور یہ کہ اس کے من اللہ ہونے کا یقین کامل رکھا جائے۔

سفیان بن عیینہ اکابر اہل سنت میں شمار ہوتے ہیں، انہوں نے نہایت غضبناک ہو کر فرمایا،

ویحکم القرآن کلام اللہ قد سمعت۔ افسوس تم پر قرآن خدا کا کلام

الناس وادركتهم، هذا عمرو بن دينار وهلم ابن المنكدر حتى ذكر منصورا والاعمش ومسعر بن كدام فقال ابن عيينه قد تكلموا في الاعتزال والرفض والقدر وامروا باجتناب القوم، فما نعرف القرآن الا كلام الله ومن قال غير هذا فعليه لعنة الله۔

(خلق افعال العباد بخاری)

ہے "میں نے بزرگوں کی صحبتیں اٹھائی ہیں، ان کا زمانہ پایا ہے، یہ ابن دینار یہ ابن منکدر یہاں تک کہ انہوں نے منصور، اعمش، مسعر ابن کدام کا بھی نام لیے، ان لوگوں نے معتزلہ، روافض، اور قدریہ پر اعتراضات کیے اور ان سے بچنے کی تاکید کی۔ ہم صرف یہ جانتے ہیں کہ قرآن خدا کا کلام ہے اس کے سوا جس نے اور کچھ کہا اس پر خدا کی لعنت

حافظ ابواحمدؒ کہتے ہیں۔

ما اعرف من الصحابة رضي الله عنهم الخوض في القرآن۔

صحابۂ کرام سے قرآن میں مطلق بحث منقول نہیں۔

منصور بن عمار ایک محدث ہیں، ان سے کسی نے یہ مسئلہ دریافت کیا کہ کلام الٰہی عین خدا ہے یا جزءِ خدا ہے، انھوں نے جواب دیا "اللہ تعالیٰ ہم سب کو فتنے سے بچائے اہل السنۃ والجماعۃ

ہیں سے بنائے، پیغمبر رب تک بعد بندوں کے لئے خدا پر کوئی حجت نہیں ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ قرآن کی نسبت یہ بحث بدعت ہے، جس میں سائل اور مجیب دونوں شریک ہیں، سائل اس میں پڑتا ہے جو اس پر فرض نہیں اور مجیب بے تکلف وہ کرتا ہے جو اس پر فرض نہیں، خدا کے سوا میں کسی کو خالق نہیں کہتا اور اس کے سوا سب مخلوق ہے، قرآن خدا کا کلام ہے، اس کے بعد رک جاؤ، قرآن کی کوئی صفت اپنی طرف سے ذکر کرو ورنہ گمراہ ہوجاتے۔"

(جزء افعال العباد بخاری)

اسی قسم کے اقوال اور ائمہ سے بھی ثابت ہیں۔

استوا ۔ اللہ تعالیٰ آسمان پر ہے اور ہر جگہ ہے۔ قرآن مجید میں یہ دونوں باتیں مذکور ہیں۔ یہ بھی ہے کہ

اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ — جدھر منہ پھیر دو ادھر ہی خدا ہے

یہ بھی مذکور ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی — خدا تخت پر برابر ہوا[1]

بعض ۔ ان آیتوں کے معنی یہ لیتے ہیں کہ خدا وجوداً آسمان پر ہے، لیکن اپنے علم کی رو سے وہ ہر جگہ ہے، جہمیہ کا اعتقاد ہے کہ خدا اپنے وجود کے لحاظ سے ہر جگہ موجود ہے۔ امام مالکؒ سے

---

[1] حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس کا ترجمہ یوں کیا ہے

کسی نے الرحمٰن علی العرش استویٰ کے معنی دریافت کیے، انھوں نے سُن کر سر جھکا لیا، پھر فرمایا،

الاستواء معلوم والکیف مجہول والایمان بہ واجب والسؤال عنہ بدعۃ۔[۱]	استواء کے معنی معلوم ہیں، اس کی کیفیت مجہول ہے، اس پر ایمان لانا واجب ہے اور اس کی نسبت بحث و سوال کرنا بدعت ہے۔

درحقیقت امام مالکؒ نے ان چند فقروں میں قدمائے اہل السنۃ کے اصولِ کلیہ کی تعلیم فرما دی ہے، یہی وہ اصول ہے جو ہر قسم کے ایرادات اور اعتراضاتِ عقلی کے لئے سپر ہے، انھوں نے اس کی وجہ بھی ظاہر کر دی ہے، انھوں نے کہا کہ اگر تمہارے اعتقادات کی بنیاد جدل و مناظرہ اور دلائل عقلی پر ہے تو بالکل ممکن ہے کہ کل تم سے زیادہ زبردست اور بولنے والا آدمی تمہارے سامنے آجائے اور اپنے دلائل سے تمہیں مغلوب کر دے، تو کیا تم اپنا مذہب چھوڑ دو گے؟ اور پرسوں اس سے زیادہ طبیعت دار اور چلتا ہوا تم سے دوبدو ہو اور وہ کل کے دلائل کو جن کو سُن کر تم قائل ہو گئے تھے پرزہ پرزہ کر دے تو کیا پھر اپنا نیا مذہب بھی بدل دو گے اور اسی طرح ہر نئے

---

[۱] جامع بیان العلم ابن عبدالبر صفحہ ۹۰۔ مصر

دن کے آفتاب کے ساتھ تیرا مذہب نکلتا ڈوبتا رہے گا۔

بعض شبہات کا ازالہ۔ یہ پورا سلسلہ مضمون پڑھ کر ممکن ہے کہ بعض صاحبوں کو یہ شک پیدا ہو کہ اہل السنت مذہب کا عقل کے موافق ہونا ضروری نہیں سمجھتے ہیں۔

اس سوال کے حل کرنے میں دو باتیں قابل لحاظ ہیں۔ اول یہ کہ ہم مذہب کو جن عقائد و اعمال کا مجموعہ سمجھتے ہیں ان کا اس قدر حصہ جس کو صاحب شریعت نے ہم پر کھول دیا ہے، اور جو درحقیقت مذہب ہے۔ کیونکہ اس کے تمام اصول و فروع بھی ہم کو بتا دیئے ہیں اس کا ایک ذرہ خلاف عقل نہیں ہے، اس کے دلائل وہی صحیح ہیں جو خود شریعت نے اپنے دعووں کے ساتھ پیش کئے ہیں اور وہ تمام تر عقل کے مطابق ہیں، لیکن وہ حصہ جو درحقیقت مذہب کا جزو نہیں، یعنی ہمارے علم کلام کے وہ عناصر جو قرآن اور سنت صحیحہ سے ماخوذ نہیں، اور جو باہمی فرقوں کے کلامی مناظروں کی پیداوار ہیں ممکن ہے کہ وہ خلاف عقل اور مجموعہ محالات ہوں لیکن وہ درحقیقت ہمارے دین کا جزو نہیں۔

(۲) دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ جب ہم ایک شے کو **خلاف عقل** کہنے کا دعویٰ کرتے ہیں تو اس کے دوسرے معنی یہ ہیں کہ عقل نے مسئلہ زیر غور سے ایک بات پہلے سے طے کر دی ہے جس

کے دلائل اس قدر مضبوط ہیں کہ وہ ٹوٹ نہیں سکتے۔ اب مذہب اس کے خلاف دوسری بات کہتا ہے جس کو مان لینا ایک ثابت شدہ قطعی مسئلہ کو باطل کر دینا ہے۔ لیکن ذرا غور کیجئے کہ مذہب اور عقل کے درمیان جو مسائل متنازع فیہ سمجھے جاتے ہیں کیا اُن کے متعلق یہ کہنا صحیح ہے کہ عقل نے مضبوط اور مستحکم دلائل سے اس طرح ان کو ثابت کر دیا ہے کہ وہ قطعی ہو گئے ہیں، اور ان کے خلاف کہنا ایک ثابت شدہ مسئلہ کا انکار ہے؟ حقیقتاً ایسا نہیں ہے۔ اس لئے کسی شے کو **خلافِ عقل** کہہ دینے میں جلدی نہیں کرنی چاہئے۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہماری عقلیں اس کا فیصلہ نہیں کر سکتیں، اور یہ صحیح ہے۔

مشکلِ عشق نہ در حوصلۂ دانشِ ماست
حلِ ایں نکتہ بایں فکرِ خطا نتواں کرد

(۳) آخری اعتراض آپ یہ کر سکتے ہیں کہ اس اصول کے مطابق تو اسلام کے خلاف مذاہب پر بھی کوئی عقلی اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ ان کی صحت کا معیار بھی عقل نہیں ہو سکتی، لیکن ہم یہ کہیں گے کہ **اسلام** نے جن مسائل کی تلقین کی ہے وہ سرتاپا عقلی ہیں، اور جب ان کے مخالف یا متضاد کوئی ہدایت کسی مذہب میں ہے تو درحقیقت وہ خلافِ عقل ہے اور اس کی صحت کا

جائزہ عقل ہی سے لیا جاسکتا ہے۔ ہمارا مقصد اصلی اچھی طرح سمجھ لیجئے۔ قرآن اور سنتِ صحیحہ نے بتا دیا ہے کہ وہ ہماری عقل کے مطابق ہے اور اسی پر آپ کو اکتفا کرنا چاہئے اور جو نہیں بتایا ہے، اس کی تشریح اس میں زیادتی، یا اس میں کمی، بذریعہ عقل جائز نہیں، یعنی بس راستہ پر ہم کو اپنی روشنی سے نہیں بلکہ خدا کی دی ہوئی روشنی کے سہارے سے چلنا چاہئے۔

(۴) آخر میں ایک اور غلطی دُور کر لینا چاہئے، میری تقریر سے یہ مطلب نہ سمجھا جائے کہ عقل بیکار محض ہے، بلکہ وہ محدود العلم ہے ہمارے حواس جو ہماری عقل کے ذرائع علم ہیں ان سے ہماری عملی عقل جو معلومات حاصل کرتی ہے، ان سے بڑھ کر آگے ماورائے محسوسات میں وہ بےکار ہے۔ اور یہ عقل کی تحقیر نہیں، بلکہ اس کے علم کے دائرہ کی واقعی تحدید ہے، بصارت ایک خاص فاصلہ سے آگے نہیں دیکھ سکتی، سماعت اپنے عمل کے لئے ایک مخصوص دائرہ چاہتی ہے جس کے بعد وہ بےکار ہے، اسی طرح عقلِ انسانی ایک محدود دائرہ رکھتی ہے جس کے بعد وہ بے کار ہے، اور نیز جس طرح ہر حاسہ اپنے خاص کام کے علاوہ دوسرا کام انجام نہیں دے سکتا، اسی طرح عقلِ انسانی بھی اپنے خاص دائرہ عمل کے سوا دوسرا کام انجام نہیں دے سکتی، جو شخص اس بات کی کوشش کی ہے کہ ہم ماورائیات

میں رہ کر اپنی عقل کے ذریعہ سے ماورائے مادہ کے حالات سے کیوں واقف نہیں ہو سکتے۔ اس کو سب سے پہلے یہ شکایت کرنی چاہیئے کہ لکھنؤ میں رہ کر ہم کو لندن کی عمارتیں کیوں نظر نہیں آتیں، اور ہندوستان میں ہم کو فرانس کے میدان جنگ کی توپوں کی آوازیں کیوں سنائی نہیں دیتیں؟

اہل السنۃ کے عقائد صحیحہ

عقائد کی افادیت: یہ سارے مباحث جو اوپر گزرے، یہ حقیقت میں عقلی کشمکش و ذہنی الجھاؤ کو عقل کی راہ سے سلجھانے کی کوشش ہے، حالانکہ اس کے متعلق فیصلہ ہے کہ

کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت این معما را

اس لئے عملی حیثیت سے ان الجھنوں میں پڑنے سے نہ کوئی فائدہ ہوا ہے اور نہ ہو سکتا ہے، اسی لئے اسلام نے صرف ان عقائد پر زور دیا ہے جو انسان کے اعمال و اخلاق و کردار پر مؤثر ہوں، جو اس کو خیر اور نیکی کی طرف دعوت دیں، اور برائی اور شر سے اس کو بچائیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی توحید کا منشا یہ ہے کہ اس کے سوا نہ کوئی نافع ہے، اور نہ ضار، نہ کوئی نفع پہنچا سکتا ہے نہ نقصان، ہر حالت میں اسی کو پکارنا چاہئے اور اسی سے مدد مانگنا چاہئے اس کے سوا کسی کا کوئی حقیقی ملجا و ماویٰ نہیں، وہ اپنے تمام صفات میں یکتا ہے، تمام اوصاف حسنہ اور اسماء حسنیٰ کا وہ جامع ہے، اسی کا حکم ہے جو ساری دنیا میں جاری ہے، وہ جو

۱؎ تکمیل الدین حضرت مولانا حقانی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

چاہتا ہے وہ کرتا ہے، اور جس کا چاہے حکم دیتا ہے، وہی گناہوں کو معاف کرتا ہے وہی غیب کا حال جانتا ہے،

غرض اپنے ان تمام اوصافِ حمد کی تعلیم بندہ کو اس لئے دی ہے کہ بندہ کو خدا کی معرفت حاصل ہو، اور بندہ اس کے اوصافِ جمالیہ کی بناء پر اس سے محبت کرے اور اس کے اوصافِ جلالیہ کا خیال کرکے اس سے ڈرے، اور خدا کے اچھے صفات کا عکس اپنے اندر پیدا کر سکے،

اہلِ سنّت کے عقائد: یہ چند باتیں بطور مثال کے لکھی ہیں، اسی طرح دوسرے عقائد بھی ہیں، جن کا اثر بندہ پر کسی نہ کسی طرح پڑتا ہے، اور وہ اُن سے معرفت یا عمل کا فائدہ اٹھاتا ہے، ذیل میں ہم ان عقائد کو جو اہلِ سنّت کے نزدیک مسلّم ہیں اس غرض سے درج کرتے ہیں تاکہ عام مسلمان اہلِ سنّت کے عقائدِ مسلّمہ پر مطلع ہوں، اور اس سے اپنے عقیدہ کی تصحیح کریں۔ تاکہ ایمان صحیح و کامل نصیب ہو،

اہلِ سنّت کے عقائد کا سب سے مختصر مضمون تو یہ ہے،

اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ،	میں زبان اور دل سے گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے

درست ہیں۔

اس شہادت کے فقرۂ اول کو شہادت توحید اور فقرۂ ثانی کو شہادت رسالت کہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ بندہ جب اللہ کے سوا اور کو معبود نہیں مانتا، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا رسول دل وجان سے تسلیم کرتا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جس قدر احکام نازل ہوئے ان سب کو وہ مانتا ہے۔

لیکن اس اجمال کے بعد مزید تفصیل کوئی چاہتا ہے، تو وہ یہ ہے۔

آمنت باللہ وملئکتہ وکتبہ	میں ایمان لایا ہوں اللہ پر
ورسلہ والیوم الآخر والقدر	اور اس کے فرشتوں پر اور
خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ۔	اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت پر اور اس بات پر کہ جو اچھا برا ہوتا ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقدر ہے۔

ثمرہ جب رسولوں اور کتابوں پر ایمان لایا تو سارے صحیفے اور اللہ تعالیٰ کے سارے احکام ان میں داخل ہو گئے۔

لیکن چونکہ یہ بھی مجمل ہیں، اس لئے علماء محققین نے ان امور کو جن کو خاص طور سے دھیان میں رکھنا چاہئے، کتاب و سنّت سے لے کر یکجا کر دیا ہے تاکہ ہر مسلمان ان کو خوب سمجھ کر مان لے، تاکہ اس کے مطابق اس کے دین کے سارے کام درست ہو جائیں۔

اوّل ایمان باللہ سب سے پہلا اور سب سے اہم بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائیں، اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے معنی یہ ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کو ان صفات کے ساتھ مانیں جن کو اللہ اور رسول نے بتایا ہے۔ یعنی ہم یہ دل سے مانیں اور زبان سے اقرار کریں کہ اللہ ایک ہے، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، وہ کسی کا محتاج نہیں، اور ساری چیزیں اس کی محتاج ہیں، اس کی تمام صفتیں اچھی ہیں اور وہ ہر برائی سے پاک ہے، وہ ہر چیز پر قادر ہے، وہ سنتا اور دیکھتا ہے، وہ چھپے اور کھلے ہر شے کا علم رکھتا ہے، اس کو موت نہیں آتی، اس کو نیند نہیں آتی، دنیا اور دنیا کی ساری چیزیں پہلے ناپید تھیں، اللہ تعالیٰ نے اپنے ارادے اور مشیت سے ان کو پیدا کیا اور وہ جب چاہے ان کو فنا کر دے، وہ کلام کرتا ہے، اس کا کوئی ساجھی اور ساتھی نہیں، اس جیسا کوئی نہیں، نہ اس کے ماں اور باپ ہیں، اور نہ اس کی کوئی اولاد ہے، وہ ان سارے جسمانی رشتوں سے پاک ہے، وہ

ساری دنیا کا بادشاہ ہے۔ اس کے حکم سے کوئی باہر نہیں، نہ اس کی قدرت سے کوئی چیز خارج ہے۔ وہ اپنے بندوں پر مہربان ہے، وہی پیدا کرتا ہے، اور وہی موت دیتا ہے، وہی اپنے بندوں کو سب آفتوں سے بچاتا ہے اور وہی عزت والا ہے، بڑائی اور عظمت اور کبریائی والا ہے، گناہوں کا بخشنے والا ہے، زبردست ہے، بہت دینے والا ہے، روزی پہنچانے والا ہے جس کی روزی چاہے تنگ کرے، جس کی چاہے فراخ کرے، جس کو چاہے عزت دے اور جس کو چاہے ذلت دے، جس کو چاہے پست کرے، جس کو چاہے بلند کرے۔

صفات۔ خالق تعالیٰ میں مخلوق کی سی کوئی صفت نہیں پائی جاتی، اور نہ خالق تعالیٰ کی سی کوئی صفت مخلوق میں پائی جاتی ہے، قرآن اور حدیث میں بعض جگہ جو ایسی باتوں کی خبر دی گئی ہے تو یا تو ان کے معنی کو اللہ کے سپرد کریں کہ وہی اس کی حقیقت جانتا ہے اور ہم بے کھود کرید کئے ہوئے ایمان اور یقین کرلیں اور یہی بہتر ہے، یا پھر کچھ مناسب معنی اس کے لگا لئے جائیں، جس کہ وہ سمجھ میں آجائے، جیسا کہ علمائے متاخرین نے اختیار کیا ہے۔

ایمان بالقدر۔ عالم میں جو کچھ بھلا برا ہوتا ہے سب کو اللہ تعالیٰ اس کے ہونے سے پہلے ہمیشہ سے جانتا ہے اور اپنے

جاننے کے موافق اس کو پیدا کرتا ہے۔ تقدیر اسی کا نام ہے۔

جبر و قدر۔ بندوں کو اللہ تعالیٰ نے سمجھ اور ارادہ دیا ہے جس سے وہ گناہ اور ثواب کے کام اپنے اختیار سے کرتے ہیں۔ مگر بندوں کو کسی کام کے پیدا کرنے کی قدرت نہیں ہے۔ گناہ کے کام سے اللہ تعالیٰ ناراض اور ثواب کے کام سے خوش ہوتے ہیں۔

تکلیف ما لا یطاق۔ اللہ تعالیٰ نے بندوں کو کسی ایسے کام کے کرنے کو حکم نہیں دیا جو بندوں سے نہ ہو سکے۔

عدم وجوب اصلح۔ کوئی چیز خدا کے ذمہ ضروری نہیں وہ جو کچھ مہربانی کرے اس کا فضل ہے۔

ایمان بالرسالت۔ اللہ تعالیٰ نے بندوں کو سمجھانے اور سیدھی راہ بتانے کو بہت سے پیغمبر بھیجے۔ ان پیغمبروں کو خدا نے اپنے ارادہ اور پسند سے برگزیدہ کیا۔ وہ سب گناہوں سے پاک ہیں ان آنے والے پیغمبروں کی پوری گنتی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔

معجزات۔ ان کی سچائی بتانے کو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں ایسی مشکل باتیں کرائیں جو اور لوگ نہیں کرسکتے۔ ایسی باتوں کو معجزہ کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں کے ذریعہ اپنی ہدایتوں، تعلیموں اور حکموں پر مطلع فرمایا۔ اور ان پیغمبروں نے ان کو سن کر اپنے زمانہ کے لوگوں تک پہنچایا۔ اس کو وحی کہتے ہیں

ان پیغمبروں میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام تھے اور سب سے آخر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، و باقی درمیان میں ہیں۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی دوسرا شخص نبوت پر سرفراز ہو نہیں سکے گا، اور جو ایسا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے نبوت و رسالت کا منصب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر ختم ہو گیا۔ قیامت تک جتنے آدمی اور جن ہوں گے سب کے آپ ہی پیغمبر ہیں۔

ہاں پیغمبروں میں سے بعضوں کا مرتبہ بعضوں سے بڑا ہے سب میں زیادہ مرتبہ ہمارے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔

معراج ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے جاگتے میں جسم کے ساتھ مکہ سے بیت المقدس تک، اور وہاں سے ساتوں آسمانوں پر، اور وہاں سے جہاں تک منظور ہوا پہنچایا، اور پھر واپس مکہ میں پہنچا دیا۔ اس کو معراج کہتے ہیں۔

ایمان بالملائکہ اللہ تعالیٰ نے کچھ مخلوقات کو نور سے پیدا کر کے ان کو ہماری نگاہوں سے پوشیدہ کیا ہے۔ ان کو فرشتے کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے عالم کے بہت سے کام اپنے ارادہ اور مشیت سے کسی مصلحت سے ان کے سپرد کئے ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ

کے حکام بجا لاتے ہیں۔ اور اپنے سپرد شدہ کاموں کی انجام دہی میں کبھی سرتابی یا نافرمانی نہیں کرتے۔ وہ نہ انسانوں کی طرح کھاتے اور پیتے ہیں اور نہ انسانوں کی طرح مرد و عورت ہیں۔

شیاطین و جنات۔ اللہ تعالیٰ نے کچھ مخلوقات آگ سے پیدا کئے ہیں اور ان کو ہماری نظروں سے پوشیدہ کیا ہے ان کو جن کہتے ہیں۔ ان میں نیک و بد سب طرح کے ہوتے ہیں۔ ان کے اولاد بھی ہوتی ہے۔ ان سب میں سب سے زیادہ مشہور شریر ابلیس یا شیطان ہے جو لوگوں کو گناہ پر آمادہ کرتا ہے اور ان کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہے۔

اولیا۔ مسلمان جب خوب عبادت کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے حکموں پر پوری طرح چلتا ہے۔ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طور طریقہ پر عمل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو محبوب رکھتے ہیں۔ ایسے شخص کو ولی کہتے ہیں۔

کرامت۔ ایسے شخص کے ذریعے اللہ تعالیٰ بعض ایسی باتیں ظاہر کرتا ہے۔ جو اور لوگوں سے نہیں ہو سکتیں۔ تو ایسی باتوں کو کرامت کہتے ہیں۔ ولی خواہ کتنا ہی بڑا ہو جائے مگر نبی کے برابر نہیں ہو سکتا۔ وہ خدا کا کیسا ہی پیارا ہو جائے مگر جب تک اس کے ہوش و حواس درست ہیں شرع کا پابند رہنا فرض ہے۔ نماز

روزہ، اور کوئی فرض عبادت معاف نہیں ہوتی، اور جو گناہ کی باتیں ہیں وہ اس کے لئے درست نہیں ہو جاتیں،

جو شخص شریعت کے خلاف ہو وہ خدا کا دوست یا ولی نہیں ہو سکتا،

کشف اولیاء، اولیائے الٰہی کو بھید کی بعض باتیں سوتے یا جاگتے میں معلوم ہو جاتی ہیں، ان میں جو شریعت کے موافق ہو وہ قبول ہے، اور اگر خلاف ہے تو رد ہے،

بدعت، اللہ اور رسولؐ نے دین کی سب ضروری باتیں قرآن و حدیث میں بندوں کو بتا دی ہیں، اب دین میں کوئی نئی بات نکالنا جو دین میں نہیں، درست نہیں، ایسی نئی بات کو بدعت کہتے ہیں، بدعت بہت بڑا گناہ ہے،

اجتہاد، دین کی بعض ایسی باتیں جو صریحاً قرآن و حدیث میں بعینہٖ مذکور نہیں ہیں، دین کے بڑے بڑے عالموں نے جن کو قرآن و حدیث کے علم میں کمال تھا، اپنے علم و فہم کے زور سے قرآن و حدیث سے نکال کر بیان کی ہیں، وہ بدعت نہیں ہیں، ایسے عالموں کو مجتہد کہتے ہیں، جن میں سے چار مشہور ہیں، ۱، امام ابو حنیفہ ۲، امام شافعی ۳، امام مالک ۴، امام احمد بن حنبل،

ایمان بالکتاب، اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں پر مختلف

زبانوں میں چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں اتاریں۔ جن میں اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کے ذریعے سے اُن کی امتوں کو اپنے احکام اور ہدایات سے مطلع فرمایا، ان میں چار کتابیں بہت مشہور ہیں۔ توراۃ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ملی، زبور جو حضرت داؤد علیہ السلام کو ملی، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اور قرآن مجید ہمارے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ یہ قرآن مجید آخری کتاب ہے اب اس کے بعد کوئی آسمانی کتاب نہیں آئے گی۔ اس کتاب کی کسی ادنیٰ بات کے بھی انکار کرنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے۔ قیامت تک قرآن کا حکم چلتا رہے گا۔ دوسری آسمانی کتابوں کو گمراہ لوگوں نے بہت کچھ بدل ڈالا۔ مگر قرآن مجید کی نگہبانی کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے۔ اس کو کوئی بدل نہیں سکتا۔

صحابی۔ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو جس مسلمان نے دیکھا اس کو صحابی کہتے ہیں۔ ان کی اعلیٰ قدر مراتب بڑی بڑی بزرگیاں آئی ہیں۔ ان سب سے محبت اور اچھا گمان رکھنا چاہئے اگر کوئی لڑائی جھگڑا ان کا سننے میں آئے تو اس کو ان کی بھول چوک کہئے۔ برائی نہ کرے۔ ان سب میں بڑھ کر چار صحابی ہیں۔

۱ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ پیغمبر صاحب کے بعد ان کی جگہ بیٹھے۔ اور دین کا بندوبست کیا۔ اسی لئے یہ اول خلیفہ کہلاتے

ہیں۔ تمام امت میں یہ سب سے بہتر ہیں۔ ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ دوسرے خلیفہ ہیں۔ ان کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، یہ تیسرے خلیفہ ہیں۔ ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یہ چوتھے خلیفہ ہیں۔

اہل بیت۔ پیغمبر صاحب کی اولاد اور بیبیاں سب تعظیم کے لائق ہیں۔ اولاد میں سب سے بڑا رتبہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا ہے اور بیبیوں میں حضرت خدیجہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیاں تمام مسلمانوں کی مائیں ہیں۔ اسی لئے ان کا احترام کریں۔ اور اہل بیت سے محبت رکھیں۔

کفر کی بعض باتیں۔ ایمان جب درست ہوتا ہے کہ اللہ اور رسول کو سب باتوں میں سچا سمجھے۔ اور ان کو دل سے مانے اور زبان سے اس کا اقرار کرے۔ اور عمل سے ظاہر کرے۔ اور اللہ و رسول کی کسی بات میں شک کرنا، یا اس کو جھٹلانا، یا اس میں عیب نکالنا، یا اس کے ساتھ مذاق اڑانا۔ ان سب باتوں سے ایمان جاتا رہتا ہے۔

قرآن و حدیث کے کھلے کھلے مطلب کو نہ ماننا، اور ایچ پیچ کر کے اپنے مطلب بنانے کو معنی گھڑنا بد دینی کی بات ہے، گناہ

کو حلال سمجھنے سے ایمان جاتا رہتا ہے۔ گناہ خواہ کتنا ہی بڑا ہو جب تک اس کو برا سمجھے۔ اس سے ایمان نہیں جاتا، البتہ کمزور ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے نڈر ہو جانا، یا اس کی رحمت سے مایوس ہو جانا کفر ہے۔ کسی سے غیب کی باتیں پوچھنا اور اس کا یقین کرنا کفر ہے۔ البتہ نبیوں کو وحی سے اور ولیوں کو کشف والہام سے، اور عام لوگوں کو نشانیوں سے کوئی بات معلوم ہو سکتی ہے۔ کسی کا نام لے کر کافر کہنا یا لعنت کرنا بڑا گناہ ہے۔ ہاں یوں کہہ سکتے ہیں کہ ظالموں پر لعنت جھوٹوں پر لعنت۔ مگر جن کا نام لے کر اللہ و رسولؐ نے لعنت کی ہے یا ان کے کفر کی خبر دی ہے، ان کو کافر و ملعون کہنا گناہ نہیں ہے۔ گناہ کے ارتکاب سے آدمی کافر نہیں ہو جاتا، صرف گنہگار ہوتا ہے۔ ایسا شخص توبہ کرے، اور اللہ تعالیٰ سے دل سے معافی چاہے تو، اللہ تعالیٰ معاف فرما سکتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہیں تو توبہ کے بغیر بھی وہ معاف کر سکتے ہیں۔

پچھلے دن پر ایمان۔ اس سے یہ مقصد ہے کہ موت کے بعد سے لے کر قیامت تک اور قیامت کے بعد جنت اور دوزخ کے جو احوال اور واقعات قرآن و حدیث سے ثابت ہیں، ایک مسلمان کا فرض ہے کہ دل سے ان کو صحیح یقین کرے اور زبان سے ان کا اقرار کرے۔ ان میں کسی ایسے واقعہ کا انکار جو قرآن اور حدیث

سے ثابت ہے کفر ہے۔ اور اس میں ایسا پیچ کر کے مطلب نکالنا جو عبارت کے صاف و صریح مطلب کے خلاف ہو بد دینی ہے۔

جس وقت انسان پر موت کے آثار طاری ہوتے ہیں اس پر برزخ کے حوال منکشف ہونے لگتے ہیں۔ اب یہ توبہ کا وقت نہیں۔ اس وقت توبہ قبول نہیں ہوتی۔

موت جس کے مقرر فرشتے مردہ کے جسم سے رُوح نکالتے ہیں۔ نیک لوگوں کی آسانی سے نکلتی ہے۔ اور بُرے لوگوں کی بڑی سختی اور تکلیف سے نکلتی ہے۔ اور اسی وقت سے جزا اور سزا کا معاملہ شروع ہو جاتا ہے۔

جب آدمی مر جاتا ہے اگر دفن کیا جائے تو گاڑنے کے بعد اور اگر دفن نہ کیا جائے تو جس حال میں ہو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ تیرا پروردگار کون ہے۔ تیرا دین کیا ہے۔ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کون ہیں۔ اگر وہ ایمان دار ہوا تو ٹھیک ٹھاک جواب دیتا ہے۔ پھر اس کے لئے سب طرح کا چین ہے۔ اور فرشتہ اس سے کہتا ہے کہ آرام کی نیند سو جا۔ اور اگر وہ مردہ ایمان سے محروم ہوا تو وہ ہر سوال کے جواب میں یہی کہتا ہے کہ مجھے خبر نہیں۔ تو پھر اس کے ساتھ سختی اور سزا کا معاملہ شروع ہو جاتا ہے۔

بعضوں کو اللہ تعالیٰ اس امتحان سے معاف فرما دیتا ہے مگر یہ باتیں مردے کو معلوم ہوتی ہیں، ہم لوگ نہیں دیکھ سکتے جیسے سوتا ہوا آدمی خواب میں سب کچھ دیکھتا ہے اور آرام و تکلیف اٹھاتا ہے، اور اس کے پاس بیٹھا ہوا دوسرا جاگتا آدمی ان سے بالکل بے خبر رہتا ہے۔

مردے کے لئے دعا کرنے سے یا کچھ خیرات دے کر بخشنے سے اس کو ثواب پہنچتا ہے۔ اور اس سے اس کو فائدہ پہنچتا ہے۔

خدا و رسول نے قیامت کی جتنی نشانیاں بتائی ہیں، سب ضرور ہونے والی ہیں۔ امام مہدی علیہ السلام ظاہر ہوں گے، اور خوب انصاف سے بادشاہی کریں گے، کانا دجال نکلے گا، اور دنیا میں بہت فساد مچائے گا، اس کے مار ڈالنے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے اور اس کو مار ڈالیں گے۔ یاجوج ماجوج دو زبردست قومیں ہیں، وہ تمام روئے زمین پر پھیل پڑیں گی، اور فساد برپا کریں گی۔ پھر خدا کے قہر سے ہلاک ہوں گی۔ ایک عجیب طرح کا جانور زمین سے نکلے گا، اور آدمیوں سے باتیں کرے گا۔ آفتاب مغرب کی طرف سے نکلے گا۔ اور قرآن مجید اٹھ جائے گا، اور چند روز میں تمام مسلمان ہلاک ہو جائیں گے، اور تمام دنیا کافروں سے بھر جائے گی۔ کوئی اللہ کا نام لیوا باقی نہیں

رہے گا۔ اور بہت سی باتیں ہوں گی۔ جب ساری نشانیاں پوری ہو جائیں گی تب قیامت کا سامان شروع ہوگا۔

قیامت۔ ایک فرشتہ جس کا نام اسرافیل ہے، خدا کے حکم سے صور پھونکے گا، جس سے تمام زمین و آسمان اور آفتاب اور تارے اور پہاڑ سب ٹوٹ پھوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے تمام مخلوقات مر جائیں گی۔ اور جو مر چکے ہیں، ان کی روحیں بے ہوش ہو جائیں گی۔ مگر اللہ تعالیٰ کو جن کو بچانا منظور ہوگا، ان کو بچا لیں گے ایک مدت اسی کیفیت پر گذر جائے گی، پھر جب اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا تمام عالم دوبارہ پیدا ہو، دوسری بار صور پھونکا جائے گا، اس سے پھر سارا عالم موجود ہو جائے گا۔ مردے زندہ ہو جائیں گے، اور قیامت کے دن میدان میں سب اکٹھے ہو جائیں گے۔ اور وہاں کی تکلیفوں سے گھبرا کر سب پیغمبروں کے پاس سفارش کرانے جائیں گے۔ سب بھلے برے عمل لئے جائیں گے، ان کا حساب ہوگا۔ اعمال تولے جائیں گے جن کی نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا وہ جنت میں جائیں گے جن کی برائیوں کا پلہ بھاری ہوگا، وہ دوزخ کے مستحق ہوں گے، اور جن کی نیکیاں اور بدیاں برابر ہوں گی، اللہ تعالیٰ جو چاہے گا ان کے ساتھ معاملہ کرے گا نیکوں کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھوں میں اور بدوں کا نامۂ اعمال بائیں ہاتھوں میں دیا جائے گا۔

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کو حوض کوثر کا پانی پلائیں گے جو دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا. لوگوں کو پل صراط پر سے چلنا ہوگا. جو نیک لوگ ہوں گے وہ اس پار سے اُس پار ہو کر بہشت میں پہنچ جائیں گے، اور جو بد ہیں وہ اس پر سے دوزخ میں گر پڑیں گے.

دوزخ پیدا ہو چکی ہے. اور اس میں سانپ بچھو، آگ اور طرح طرح کا عذاب ہے. دوزخیوں میں جن میں ذرا بھی ایمان ہوگا وہ اپنے اعمال بد کی سزا بھگت کر پیغمبروں، اور بزرگوں کی سفارش کے بعد حسب مشیت الٰہی بہشت میں داخل ہوں گے، خواہ وہ کتنے ہی بڑے گناہ گار ہوں اور جو کافر و مشرک ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے. اور ان کو موت بھی نہ آئے گی.

شفاعت. انبیاء علیہم السلام اور بزرگ اللہ تعالیٰ کی مرضی سے ان گنہگار مومنوں کے حق میں جن کے باب میں مشیت الٰہی کا اشارہ ہوگا، شفاعت کریں گے اور اللہ تعالیٰ اپنی مشیت سے محض اپنے فضل و کرم سے قبول فرمائیں گے.

بہشت ، پیدا ہو چکی ہے. اور اس میں باغ، نہریں، میوے، عالی شان مکانات، سایہ دار درخت، اور طرح طرح کے ایسے چین اور نعمتیں ہیں جن کا تصور بھی دنیا میں نہیں ہو سکتا. اور یہ سب نعمتیں

لازوال ہوں گی۔ یعنی نہ اللہ تعالیٰ ان کو چھینیں گے، نہ وہ فنا ہوں گی۔ بہشتیوں کو ہمیشہ کی زندگی حاصل ہوگی۔ وہاں ان کو نہ کسی قسم کا غم ہوگا اور نہ خوف، اور نہ موت آئے گی۔

اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے کہ چھوٹے گناہ پر سزا دیدے یا بڑے گناہ کو محض اپنی مہربانی سے معاف کردے، اور بالکل اس پر سزا نہ دے۔

جن لوگوں کے نام لے کر اللہ و رسول نے جنتی ہونا بتادیا ان کے سوا کسی کے جنتی ہونے کا یقینی حکم نہیں لگا سکتے۔ البتہ اچھی نشانیاں دیکھ کر اچھا گمان رکھنا، اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید رکھنا ضروری ہے۔ بہشت میں سب سے بڑی نعمت اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا حصول، اور اللہ تعالیٰ کے دیدار کی نعمت ہے جو بہشتیوں کو بہشت میں نصیب ہوگی، جس کے سامنے تمام نعمتیں ہیچ معلوم ہوں گی۔

دنیا میں جاگتے ہوئے ان آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ عمر بھر کوئی کیسا ہی بھلا برا ہو مگر جس حالت میں موت آئے اور جس حالت پر خاتمہ ہو، اس کے موافق جزا و سزا ہوگی۔

ربنا اغفر لنا ذنوبنا وکفر عنا سیئاتنا وتوفنا مع الابرار

ضمیمہ

اُن فلسفیانہ اصطلاحات کی مختصر تشریح
جو اس بے نظیر رسالہ میں آ گئی ہیں

از

نیاز مندان مفتخر بہ نسبت حضرت سلیمانؒ

غلام محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جوہر

وہ شے جو بالذات قائم ہو یعنی اپنے قیام میں دوسرے کی محتاج نہ ہو جیسے دیوار اور سایہ کی مثال میں دیوار جوہر ہے کیونکہ وہ اپنے قیام میں سایہ کی محتاج نہیں۔ سایہ رہے نہ رہے وہ اپنی جگہ کھڑی رہے۔

عرض

وہ شے جو اپنے قیام میں دوسرے کی محتاج ہو مثلاً اوپر کی مثال میں سایہ عرض ہے کیونکہ وہ اپنے قیام میں دیوار کا محتاج ہے دیوار نہ ہو تو سایہ کا وجود عدم ہے۔

عینیت

دو مفہوموں میں یوں کہئے کہ دو چیزوں کا مصداق ہر طرح سے ایک ہو کر ان میں کسی قسم کا فرق نہ ہو سکے عینیت کہلاتا ہے۔ مثلاً زید اور ذات زید۔

غیریت

دو چیزوں میں سے کسی ایک کا دوسرے کے بغیر موجود ہو سکنا غیریت کہلاتا ہے۔ جیسے ذات باری تعالیٰ اور مخلوقات۔ مگر مخلوق بغیر ذات باری کے موجود نہیں ہو سکتی مگر ذات باری تو بغیر مخلوق کے بھی موجود ہو سکتی ہے۔ چنانچہ مخلوق کی پیدائش سے پہلے بھی وہ موجود تھی۔ وہ تمام کو فنا کر کے بھی موجود رہے گی۔ پس مخلوق اور خالق میں غیریت پائی جاتی ہے۔

لا عین ولا غیر

مذکورہ بالا تعریف غیریت و عینیت کے اعتبار سے جب ذات حق اور اس کی ذاتی صفات کو دیکھا جائے تو یہاں نہ عینیت ثابت ہوتی ہے نہ غیریت۔ عینیت تو اس لئے نہیں کہ صفات ذات سے الگ اور زائد ہیں اور غیریت اس لئے نہیں کہ ذات و صفات میں سے ایک کا بھی ایسا نہیں جو دوسرے کے بغیر پایا جائے۔ صفات بغیر ذات کے تو پائی ہی نہیں جا سکتیں کہ وہ ذات کے تابع ہیں اور ذات اپنے ظہور کے بغیر پایا جانا محال ہے۔ اور ذات بغیر صفات کے بغیر پائی نہیں جا سکتی کہ ذات کو صفات کا اس سے خالی ہونا

لازم آئے گا جو محال ہے پس دونوں لازم و ملزوم ہوئے! اسی کو لاعین ولا غیر کہتے ہیں یعنی صفات الٰہیہ نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات ہیں۔

جبر

نہ صرف فعل کی تخلیق میں بلکہ ارادۂ فعل میں بھی بندہ کا خود کو غیر مختار ماننا "عقیدۂ جبر ہے۔ اس عقیدہ کی رُو سے سارا نظام شریعت اور قانون جزا و سزا باطل ٹھیرتا ہے یہ صریح گمراہی اور اسلام سے دُوری ہے۔

قدر

نہ صرف ارادۂ فعل میں بلکہ اپنے ہر فعل کی تخلیق میں بندہ کا خود کو مختار ماننا "عقیدۂ قدر" ہے۔ یہ بھی قرآن کے خلاف ہے کیونکہ قرآن بندہ کو نہیں بلکہ اللہ کو افعال کا خالق قرار دیتا ہے (بندہ محض کاسب افعال ہے)۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ

(یعنی اللہ نے پیدا کیا تمہیں بھی اور تمہارے افعال کو بھی) عقیدۂ قدر بھی نہ صرف غیر اسلامی بلکہ عقل و مشاہدہ کے اعتبار سے بھی مضحکہ خیز ہے کیونکہ یہ تو رات دن کا تجربہ اور مشاہدہ ہے کہ بندہ اپنے کتنے ہی ارادوں میں ناکام اور حسرت زدہ رہ جاتا ہے۔

اَلْجُزْءُ الَّذِیْ لَا یَتَجَزّٰی

لفظی معنی تو ہیں کہ ایسا جزو جس کی مزید تقسیم نا ممکن ہو اور اصطلاح

میں جزو لایتجزیٰ جس کو جوہر فرد یا نقطہ جوہریہ بھی کہتے ہیں، ایسا ذی وضع جوہر ہے جس کی تقسیم خود وہم کر ہی نہیں سکتا ہے۔ ہو یا ذہنی یا خارجی کسی نوعیت کی بھی تقسیم کو وہ جوہر قبول نہ کرے تو ہمیں ان اجزاء سے جسم مرکب بنتے ہیں اور فلاسفہ ان کے جزء ہونے کو باطل قرار دیتے ہیں۔

طفرہ

طفرہ کے معنی چھلانگ لگانے کے ہیں اور مسئلہ طفرہ یہ ہے کہ ایک جسم ایک مسافت کو طے کرتا ہوا اس کی آخری حد پر پہنچ جائے اور اس مسافت کے درمیانی حصوں سے اور ان کی محاذات سے نہ گزرے۔ نظام معتزلی کے سوا فلاسفہ میں کوئی بھی اس کا قائل نہیں۔

رؤیت

آنکھ سے دیکھنا رؤیت بصری کہلاتا ہے اور قلب سے دیکھنے کو رؤیت قلبی رؤیت کہی جاتی ہے

استطاعت مع الفعل

استطاعت ایک حقیقت ہے جو بندوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ودیعت کی گئی ہے اور اسی سے اختیاری افعال صادر ہوتے ہیں، وہ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قدرت کا حاصل رہتی ہے۔ معتزلہ اس بات کے قائل ہیں کہ ایک بندہ میں یہ استطاعت فعل کے پہلے سے موجود رہتی ہے لیکن اشاعرہ اس کے برعکس اس بات کے قائل ہیں کہ استطاعت پہلے سے موجود نہیں بلکہ عین فعل کے وقت حاصل ہوتی ہے کہ گویا استطاعت مع الفعل سے تعبیر

کرتے ہیں۔

مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی
کی چند اہم شاہکار تصنیفات

- تاریخ دعوت و عزیمت مکمل
- مسلم ممالک میں اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش
- انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر
- منصب نبوت اور اس کے عالی مقام حاملین
- دریائے کابل سے دریائے یرموک تک
- جب ایمان کی بہار آئی
- حجاز مقدس اور جزیرۃ العرب
- معرکۂ ایمان و مادیت
- نئی دنیا (امریکہ) میں صاف صاف باتیں
- عصر حاضر میں دین کی تفہیم و تشریح
- مغرب سے کچھ صاف صاف باتیں
- تزکیہ و احسان یا تصوف و سلوک

- نبی رحمت مکمل
- پرانے چراغ مکمل
- نقوش اقبال
- ارکان اربعہ
- کاروان مدینہ
- قادیانیت
- ذکر خیر
- تعمیر انسانیت
- صحبتے با اہل دل
- حدیث پاکستان
- پا جا سراغ زندگی
- اصلاحیات

ناشر — فضل ربی ندوی —— فون ۔ ۶۱۱۸۱۷
مجلس نشریات اسلام ناظم آباد مینشن ۱۔ کے۔ ۳۔ ناظم آباد ۱ کراچی ۱۸